کیچ

۱۹۸۵

GOVERNMENT DEGREE COLLEGE

TURBAT

مجلہ گورنمنٹ ڈگری کالج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلّہ

کیچ

۱۹۸۵

زیر اہتمام

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

طباعت :
اسحاقیہ پرنٹنگ پریس کراچی

عام ترتیب

نام مجلہ	کیچ
زبان	بلوچی، انگریزی، اُردو
سرپرست	پروفیسر غلام مُصطفٰی
زیر اہتمام	میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
سنِ اشاعت	سنہ ۱۹۸۵ء
صفحات	بلوچی ۳۸ انگریزی ۲۵ اردو ۵۹
مُدیر اعلیٰ	پروفیسر قمر صدّیق
مُدیر عمومی	علی بخش دشتی
مُدیر اردو	محمد اسحٰق، عبدالصبُور
مُدیر انگریزی	جمشید احمد، مراد حاصل
مُدیر بلوچی	علی بخش دشتی، عطاءاللہ قحطانی

ترتیب (حصۂ اردو)

نامِ کتاب ——— مجلہ کیچ
زبان ——— اردو
سرپرست ——— پروفیسر غلام مصطفیٰ
ناشر ——— میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
سال ——— سنہ ۱۹۸۵ء
صفحات ——— ۵۹
مُدیر ——— محمد اسحٰق
طالبعلم مُدیر ——— عبد الصبور

زیرِ انتظام

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

فہرست مضامین

پیغام

خطۂ مکران کی تاریخ اس بات کی امین ہے کہ اس کے ساحلوں سے غازیانِ اسلام کے لشکر گذرے جنہوں نے برصغیر پاک و ہند کو اسلامی تعلیمات سے منور کیا۔ کفر کے اندھیرے دینِ حق کی کرنوں سے دور ہوئے۔

آج ایک ایسی ہی کرن مُجلّہ "کیچ" گورنمنٹ کالج تربت سے طلوع ہوئی ہے۔ امید واثق ہے کہ یہ مجلّہ طلباء برادری میں تحقیق، تنقید اور جستجو کا جذبہ پیدا کرے گا۔ مجھے اس بات پر پختہ یقین ہے کہ اساتذہ، طلباء میں ھم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کو تیز کر سکتے ہیں اور اس مجلّہ کے اجراء میں یقیناً اُن کی کاوشوں کو بھی دخل ہے مجھے امید ھے کہ نقش اول نقش ثانی سے کہیں بہتر ہوگا۔ اللہ تعالٰی سے دُعا کرتا ہوں کہ یہ میگزین ترقّی کی منازل طے کرے۔

سیّد مظفر علی شاہ

مُعتمد تعلیمات، حکومت بلوچستان

کوئٹہ

پیغام

مجھے یہ جان کر دلی مسرت ہوئی ہے کہ گورنمنٹ کالج تربت
کا مجلہ "کیچ" عنقریب شائع ہو رہا ہے
میں اس موقع پر کالج کے اساتذہ اور طلباء کو

مُبارک باد

پیش کرتا ہوں

میں قوی امید کرتا ہوں کہ مجلہ طلباء کی تخلیقی قوتوں کو اُبھارنے اور ان کی علمی امنگوں کو صحیح سمت میں اجاگر کرنے کے سلسلے میں معاون و مددگار ثابت ہو گا — میں اس موقع پر طلباء کو پیغام دیتا ہوں کہ وہ محنت، طلب اور اولوالعزمی سے کام لے کر اپنی پوری قوتیں حصولِ علم کے لئے صرف کر دیں، کیونکہ زمانہ طالب علمی کی تربیت ہی ان کے بہتر مستقبل کی ضامن ہے میں ان کے بہترین مستقبل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں۔

محمد اقبال قاضی
ناظمِ تعلیمات کالجز بلوچستان

پیش لفظ

کالج میگزین "کیچ" کی اشاعت ہمارے لئے بڑے خوشی کا باعث ہے۔ خاص طور پر اس لئے کہ کالج کی ۱۵ سالہ زندگی میں یہ پہلا میگزین ہے جو اساتذہ اور طلباء کی کاوش سے معرضِ وجود میں آیا ہے۔

کالج میگزین اساتذہ کے فکر و عمل اور طلباء کے افکار و خیالات کا عکاس ہوتا ہے۔ یہ زیرِ تعلیم نوجوان نسل کے رجحانات کا ترجمان تصور کیا جاتا ہے۔

اس میگزین کے بعض مضامین میں ایک تو یہ کوشش کی گئی ہے کہ تاریخی پس منظر میں ضلع مکران کا مختصر سا تعارف قارئین کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ دوسرے کالج کے متعلق ضروری معلومات فراہم کی جائیں۔

طلباء کے مضامین میں انکی سوچ اور تخلیقی صلاحیتوں کی جھلکیاں آشکارہ ہوتی ہیں۔ وہ مسابقت کی راہ پر گامزن نظر آتے ہیں۔

میگزین اردو۔ بلوچی اور انگریزی کے مضامین پر مشتمل ہے اس میں علاقائی ادب اور مخصوص روایات کی عکاسی کی گئی ہے۔ یہ میگزین گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے طلباء کی پہلی کوشش ہے۔ اس لئے نہ تو اونچے ادبی معیار کی توقع کی جاسکتی ہے اور نہ ہی خامیوں سے مبراء ہونے کی۔ اس لئے قارئین سے طلباء کی حوصلہ افزائی کی توقع بے جانہ ہوگی۔

میری دعا ہے کہ ہمارے آج کے نوآموز لکھنے والے طلباء مستقبل میں اعلیٰ پایہ کے ادیب بنیں اور ملک و ملت کا نام روشن کریں۔

غلام مصطفیٰ

علی بخش دشتی

عمومی اداریہ

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت اپنی قیام سے لے کر آج تک متواتر علمی کام سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے فارغ التحصیل ڈاکٹر انجینئر، ٹیچر، پروفیسر اور دفتری افسران اپنے اپنے میدانوں میں قومی ترقی اور خوشحالی میں سرگرم عمل ہیں۔ لیکن کسی علمی ادارہ کا کُرف یہاں تک محدود نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ علم ایک وسیع معنی اور سرگرمیوں کے دائرہ عمل کا نام ہے۔ بنیادی طور پر علم سے مراد جانکاری کے ہوتے ہیں اور کسی تعلیمی ادارہ میں ہر وہ عمل جس سے طلباء اور اساتذہ کے جانکاری میں اضافہ ہو۔ وہ ادارہ کے علمی ارتقائے زمرے میں آجاتا ہے۔

مکران جو پاکستان کے انتہائی مغرب میں اسلامی جمہوریہ ایران کی سرحد پر واقع ہے۔ ایک ایسا خوش قسمت خطہ رہا ہے جس کے تعلقات قدیم و جدید عرب اور سندھ کے ساتھ رہے ہیں اور ان تعلقات کی بنیاد پر ان علاقوں کے درمیان آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہتا تھا اور اب بھی جاری ہے۔ جب کبھی قوموں کے درمیان مواصلاتی رابطے جاری ہوں وہاں علمی اور ثقافتی اثر و نفوذ کا ہونا ایک لازمی امر ہو جاتا ہے۔ اس لئے مکران بلوچستان کے تمام علاقوں میں اس وقت واحد خطہ ہے جو علمی لحاظ سے تیز ارتقائی منازل میں ہے۔ اور ثقافتی لحاظ سے بھی بہت سی جاہلی رسومات کا خاتمہ ہو چکا ہے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کی خوش نصیبی رہی ہے کہ اس کے قیام سے لے کر آج تک اسے اچھے منتظم تجربہ کار پروفیسر اور اعلیٰ معیار کے شریف النفس پرنسپل صاحبان کی خدمات حاصل رہی ہیں۔ بانی پرنسپل جناب ڈاکٹر غوری کی کاوشیں ابھی تک کالج کے در و دیوار پر نقش ہیں۔ اور اسی طرح جناب پروفیسر غلام رسول خالد صاحب کی پدرانہ شفقتیں ابھی تک طلبا کے دلوں میں جاگزین ہیں۔ اور موجودہ پرنسپل جناب غلام مصطفےٰ کالج کی علمی اور انتظامی امور میں سرگرم عمل ہیں۔ ان کے علاوہ تعلیمی افسران بالا سکریٹری تعلیم جناب سید مظفر علی شاہ صاحب اور ڈائریکٹر تعلیم جناب قاضی محمد اقبال صاحب کالج کی علمی ترقی میں بھی نظر التفات رکھتے ہیں۔

علمی کوششوں کے سلسلے میں گزشتہ سال کالج کی میگزین سوسائٹی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ جس کے دائرہ کار میں کالج میگزین کی نشر و اشاعت شامل کیا گیا ہے۔ چنانچہ میگزین کیچ جو بلوچی انگریزی اور اُردو زبانوں میں آپ کے ہاتھوں میں ہے کالج کی علمی کوشش کا نتیجہ ہے۔

میگزین میں جو علمی مواد شامل ہیں۔ وہ شاعری۔ تاریخ ادب و ثقافت اور مکران کے بارے میں مضامین ہیں۔ ان مضامین میں اساتذہ اور طلباء دونوں کے تخلیقات شامل ہیں۔ ان مضامین کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ طلبا میں علمی

جانکاری کی کتنی تڑپ موجود ہے۔ لیکن اگر آپ طلبا کی ٹیلنٹ کو امتحانی نقطہ نگاہ سے دیکھنے کی کوشش کریں گے تو واقعی اس سلسلے میں طلبا کمزور نظر آتے ہیں۔ اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ ہماری قومی اور اجتماعی خدوخال ایسے وجود پا گئے ہیں۔ جس سے ہماری قومی تشخص بشمول امتحانات روبہ تنزل ہو گیا ہے۔ لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہمارے نوجوانوں میں بلند فکری اور آگے بڑھنے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔ ؎

اگر نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

بہر حال ہمیں وہ معاشرتی عوامل کو نمی کی صورت راستی کی بنیاد پر استوار کرنا چاہیئے۔ جن پر ہماری اجتماعی زندگی کے خدوخال درست ہو سکیں۔ جن میں امتحانات کی درستگی بھی شامل ہے۔

میگزین میں زیادہ تر تحریرات آپ کو مکران کے پس منظر میں ملیں گی۔ لیکن ان میں انسانی زندگی کے نشیب و فراز اس انداز سے شامل ہیں کہ پورے انسانیت کے معلوم ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر عطاء اللہ قحطانی کا ڈرامہ "کلمانٹ" میں جو مقالب بیان ہوئے ہیں وہ علم اور امارت کے بارے میں ہیں اور یہ مسئلہ پورے نوع انسانی کا رہا ہے۔

اسی طرح واجہ غنی پرواز کے مضمون "چشم بدرچک" میں انسانی کوششیں اور ذہنی ارتقا کا ذکر جو بنی نوع انسان کی مشترکہ وراثت ہے۔ اور اکبر شاہد کا مضمون "منشیات اور معاشرہ" اس وقت کے بین الاقوامی پس منظر کا ہے۔ جس کے عذاب سے اس وقت دنیا کے کم و بیش تمام اقوام نجات چاہتی ہیں۔ میگزین میں توحید و رسالت کا ذکر مبارک ہے جن کو اختیار کر کے ہم زندگی کے صحیح راستوں پر چل سکیں گے۔

الغرض! مجلہ کیچ ایک گلدستہ ہے جس میں قسم قسم کے پھول ہیں جو ہر سو علمی خوشبو بکھیرتے ہیں۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ علم سے ہماری آنکھیں کھول تاکہ آپ کی تخلیقات کے عجائبات دیکھ سکیں۔ آمین۔

اداریہ

ہمارے لئے یہ باعث فخر کی بات ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے اسٹاف اور طلبا کی مشترکہ کاوشوں سے ایک علمی و ادبی سائنسی و تاریخی میگزین نکل رہا ہے۔ اس میں دلچسپی لیتے ہوئے طلبا نے اپنے اشہب قلم کے ذریعے سے علم کے نور کو پھیلانے میں بے دریغ محنت کی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آج بھی علم کو حاصل کرنے کے لئے طلبا میں تڑپ اور لگن پائی جاتی ہے۔

اس مجلہ میں طلبا نے مختلف زبانوں میں اپنے موقف کو ناگزیر رجحان کر پیش کیا ہے۔ ان زبانوں میں اردو۔ انگریزی اور بلوچی شامل ہیں۔ جنہیں پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ واقعی طلبا کے پاس علم موجود ہے اور اس کا اظہار بھی کر سکتے ہیں۔

مجلہ کی اشاعت کے متعلق پرنسپل غلام مصطفیٰ کی تحریک کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے ڈگری کالج تربت میں نہ صرف مجلہ کی بنیاد رکھی بلکہ اس کے چھپوانے میں ان کا تعارف بھی شامل حال رہا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ محترم پرنسپل اسٹاف اور طلبا نے مجلہ کو علم کے نور سے مزین کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ جذبہ ہمارے اندر ہمیشہ موجود رہے۔

ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ اس مجلہ میں کوئی غلطی نہیں ہے۔ تو یہ ہماری خام خیالی ہے۔ غلطی و سہو سے قارئین کرام ہمیں آگاہ کریں۔ آخر میں یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ مجلہ میں اقتباسات دوسری کتابوں سے نہیں لئے گئے ہیں بلکہ انفرادی طور پر جانفشانی اور عرق ریزی سے اسے بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ امید ہے قارئین کرام ہماری ان کاوشوں کو پسند کریں گے۔

محمد اسحاق

لیکچرار (اردو) ڈگری کالج تربت

مشتاق احمد

کیچ

کیچ اپنے نام کے اعتبار سے ایک طویل تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ مکران کے قدیم ترین شہروں میں سے ایک ہے۔ اور موجودہ وقت میں تربت کے نام سے مشہور ہے اور ساتھ ہی ساتھ مکران ڈویژن کا صدر مقام ہونے کے علاوہ ضلعی ہیڈکوارٹر بھی ہے۔ ۱۹۷۱ء کی مردم شماری کے مطابق اس کی آبادی ۵۵ ہزار سے بھی اوپر ہے۔ وادی کیچ میں واقع ہونے کی وجہ سے کیچ کے نام سے مشہور ہے اور یہی اس کا پرانا نام بھی ہے۔ یہ وادی سلسلۂ کوہ وسطی مکران اور کوہ ساحلی مکران کے درمیان تقریباً ۱۲۵ میل لمبی اور ۲۰ میل چوڑی ایک سرسبز و شاداب وادی ہے اور مکران کا مشہور سیلابی دریا کیچ بھی اسی وادی کے درمیان سے گزرتا ہے اور علاقے کی تمام آبادیاں بھی دریائے کیچ ہی کے دونوں کناروں پر واقع ہیں جن میں زیادہ تر نخلستان اور باغات ہیں۔

مشہور یونانی فاتح سکندر اعظم ہندوستان پر حملہ آور ہونے کے بعد واپسی پر اپنے عظیم لشکر کے ساتھ اسی علاقے سے گزرا تھا۔

لفظ کیچ دراصل کوچ کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ کیونکہ قدیم تواریخ بلوچ کے ساتھ ساتھ کوچ کا نام بھی لیتے ہیں۔ یا یوں کہیں کہ بلوچ کو کوچ کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں جیسے ماضی قریب کے کچھ ایرانی تاریخ نویسوں نے کیچ کی بگڑی ہوئی شکل ظاہر کی ناکام کوشش بھی کی ہے۔ جب کہ جس طرح لفظ برکوش کا بلکوش یا بلکوچ اور بلوس میں تبدیل ہونا علم اللسانیات کے رو سے بھی قرین قیاس ہے علم اللسانیات کے ماہرین "د" اور "ی" کا قریب المخرج ہونے کی وجہ سے آپس میں بدل جانا تسلیم کرتے ہیں جیسا کہ بلوچ اور بروچ بلیدی اور بردی موٹل اور موتر غرضیکہ بیسوں ایسے الفاظ ہیں۔ لہٰذا کوچ کا صوتی تغیر سے بگڑ کر کیچ بننا بالکل اسی طرح صحیح ہے جس طرح بلکوش کا آریائی زبانوں سے بگڑ کر بلکوچ، کوچ یا بلوچ بننا صحیح ہے۔ جیسے مختلف اقوام اپنی قدیم تاریخوں میں اپنے اپنے طور پر لکھتے رہے ہیں۔ جس طرح خود لفظ بلوچ تلفظ اور تحریر کی بہت ساری تبدیلیوں کے بعد ہم تک پہنچا ہے۔ اسکی کوشانی شکل بعلوث یا بیلوث تھی، آشوری، بابلی یا کلدانی اسے بیلوس یا بعلوس لکھتے اور بولتے تھے۔ قرون وسطیٰ کے عرب اسے بلوص کہتے تھے جب کہ ایرانی نام بلوچ تھا۔ بالکل اسی طرح عرب تاریخ دانوں نے کوش یا کوچ کو قوفش یا کفش لکھا ہے۔ جب کہ ایرانی اسے کفچ، کپچ یا کوچ لکھتے رہے ہیں۔ اب چونکہ قدیم تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ ۸۰۷ ق م اور پھر ۶۱۲ ق م میں کلدانی اور بابلی لوگوں نے فارس کے شمالی صوبے کی طرف ہجرت کی اور کوش Kushite یا کوچ کے ایک گروہ نے خلیج فارس کے راستے بلوچستان کے ساحلی علاقوں تک رسائی حاصل کی اور یہ تمام علاقہ انکے نام سے منسوب ہو گیا۔ چنانچہ ان تمام تاریخی واقعات و حقائق کو سامنے

رکھتے ہوئے گمان اغلب ہے کہ لفظ کیچ بھی اُسی کیچ کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ جیسے صوتی اعتبار سے خود عربوں نے کیچ کو کیز اور پنجگور کو کنز بور یا قنز بور لکھا ہے۔ جس طرح موجودہ مستونگ شہر کا نام مش تنگ سے مستنج اور پھر مستونگ بنا یا گلنگور (نوشکی کے قریب ایک جگہ ہے) گلانی کثور سے گلنگور بنا، اسی طرح لفظ کیچ یا کوچ سے کیچ وجود میں آیا۔ تاہم قدیم تاریخوں میں کیچ کا ذکر ہمیں حضرت عمرؓ کے دور میں کیز سے ملتا ہے۔ جب ابو موسیٰ اشعری عراق و بصرہ کے گورنر تھے۔ اور ۲۳ھ میں مسلمانوں نے حکم تغلبی کی قیادت میں کیچ و مکران پر حملہ کر دیا اور اس طرح یہ علاقہ اسلامی سلطنت میں شامل ہو گیا اور حضرت امیر معاویہؓ کے بعد کیچ و مکران ایک علیحدہ گورنر کے ذریعہ اسلامی سلطنت کا ایک حصہ بن گیا۔ جب کہ عربوں سے پہلے یہ علاقہ سلطنت ایران کا ایک حصہ تھا۔ اور آج تک کیچ شہر میں کئی ایک کاریزات جیسے خسر دی، کاؤسی اور بہمن وغیرہ ایرانی شہنشاہوں کے نام سے منسوب ہیں۔ الغرض کیچ بشمول تمام مکران کبھی اسلامی سلطنت کا ایک حصہ رہا ہے۔ کبھی ایرانیوں کے زیر تسلط رہا تو کبھی سندھ کے ایک صوبے کی حیثیت سے رہا ہے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ بلوچوں کا حوالہ بھی قبل مسیح سے اس علاقہ میں ملتا ہے۔ سندھ میں راہے خاندان اور اس کے بعد راجہ ترچ کے زمانہ میں بھی ایک لمبے عرصے تک کیچ عظیم سندھی سلطنت کے ایک صوبے کی حیثیت سے سندھ سے منسلک رہا ہے۔ شاید وہ بنیادی وجوہات تھیں کہ قدرت نے سندھ و کیچ کو ایک مالا کے موتیوں کی طرح دائمی طور پر پرولیا یعنی سندھی ادب کی لازوال رومانوی داستان "سسی پنوں" کے ہیرو "پنوں" کا تعلق کیچ کے ہوت بلوچوں سے تھا جو سسی کی زلف گرہ گیر کا اسیر بن گیا جس نے بعد میں ایک عظیم رومانوی داستان کو جنم دیا۔

کیچ کی قدامت کا اندازہ ان قدیم کھنڈرات سے لگایا جا سکتا ہے جو اس کے گرد نواح میں موجود جن میں سے دمب شاہی تمپ، دمب چاہسر اور قلعہ میری زیادہ مشہور ہیں۔ اور ان میں سے کچھ کی قدرے کھدائی انگریزی دور میں ہو چکی ہے۔ لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس شہر کا نام کیچ سے تربت کیسے بنا، اور یہ تبدیلی کب وقوع پذیر ہوئی۔ اس بارے میں گو کہ تمام کتب خاموش ہیں۔ جب کہ نام کی یہ یک لخت تبدیلی انگریزوں کے دور میں آئی جب انگریز اپنے دفتری کام کو نمٹانے کے لئے اپنے ساتھ ہندوستان کے دور دراز علاقوں سے فارسی خواہ منشی اور اہل کار لے آئے چونکہ اس زمانے میں آمد و رفت اور رسل و رسائل کے ذرائع موجودہ دور کی طرح ترقی یافتہ نہ تھے بلکہ یہ تمام ضرورتیں اونٹوں اور گھوڑوں سے پوری کی جاتی تھیں اور یہ علاقہ بھی ایک انتہائی دور افتادہ علاقہ تھا اور یہاں تک پہنچنے کے لئے انہیں دنوں کی بجائے مہینے لگتے تھے چنانچہ ایسے فارسی خوان حضرات نے اسے دوری کی مناسبت سے قبر سے تشبیہ دینا شروع کر دیا اب چونکہ فارسی میں قبر کو تربت کہتے ہیں اس لئے اس کا نام بھی قبر سے تربت بن گیا۔ جبکہ قیام پاکستان کے بعد ون یونٹ کے دور تک بھی ناظم تربت کا سیل آف کورٹ ناظم کیچ ہی تھا نہ کہ ناظم تربت۔ چنانچہ جب ڈگری کالج تربت کے طلباء اور اسٹاف نے اپنے کالج کا سالانہ مجلہ نکالنے کا پروگرام مرتب کیا تو کالج نے بھی اس علاقہ کے اس قدیم نام کو دوبارہ زندہ کرنے اور بیتے دنوں کی یاد کو تازہ کرنے کی خاطر اپنے مجلہ کا نام بھی کیچ سن رکھا۔ تاکہ اسی نسبت سے موجودہ نسل اپنے اسلاف کے کارہائے نمایاں سے واقفیت حاصل کرے اور انہیں کے نقش قدم پر چل کر ملک و قوم کی ترقی میں اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقہ پر نباہ سکیں۔

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

آغاز اور رفتار

مکران جسے تعلیمی میدان میں ایک منفرد مقام حاصل رہا ہے موجودہ حیثیت تک پہنچنے کے لئے کٹھن مرحلوں سے گذر چکا ہے۔ ماضی میں جب کہ صوبے کے اس دورافتادہ علاقے میں آمدورفت انتہائی تکلیف دہ تھی وہ بھی علاقے کے باشندوں کی حصول علم میں رکاوٹ نہ بن سکی۔ لانچوں، بادبانی کشتیوں اور باربرداری کے لئے استعمال ہونے والی لاریوں اور ٹرکوں پر کئی کئی راتوں مسافت کی تکلیف برداشت کرتے ہوئے یہاں کے باشندے تشنگی علم کو بجھانے کی خاطر کراچی یا کوئٹہ چلے جاتے تھے جہالت اور پس ماندگی سے گھرے ہوئے اس علاقہ نے ایسے گوہر پیدا کئے ہیں جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود بھی کراچی اور کوئٹہ جیسے تعلیمی ترقی یافتہ شہروں کے طلباء سے مسابقت کرتے ہوئے امتیازی طور پر کامیاب وکامرانی حاصل کی اور آج وہ ملک وقوم کی خدمت میں مصروف ہیں

علاقے کی تشنگی علم کو محسوس کرتے ہوئے حکومت نے سنہ ۱۹۶۹ء میں تربت انٹرمیڈیٹ کالج قائم کیا۔ اس طرح تربت کو مکران کے پہلے کالج ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ قیام کے وقت اس عظیم ادارے کی اپنی کوئی عمارت نہیں تھی۔ چنانچہ تربت ہائی اسکول کے بورڈنگ کو چند عرصے تک اس مقصد کے لئے حاصل کر کے باقاعدہ طور پر کلاسوں کا آغاز کیا گیا۔ قیام کے پہلے سال تربت کالج میں ۲۰ طالبعلموں نے داخلہ لیا چونکہ زیادہ تر طلباء کا تعلق مکران کے دور دراز علاقوں پنجگور۔ گوادر۔ پسنی اور ماڑہ سے تھا۔ لہٰذا طلباء کی رہائش کے لئے متعدد مکانات کو کرایہ پر حاصل کیا گیا۔

پروفیسر افتخار احمد غوری کو ادارے کے پہلے سربراہ کے ہونے کا شرف حاصل ہوا اگرچہ جناب غوری صاحب تقریباً ۹ مہینے کالج کے پرنسپل رہے لیکن اس قلیل عرصے میں نہایت جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی کو ادا کرتے ہوئے ادارے کے لئے ایک روشن ابتداء کا آغاز کیا۔

اس کے بعد جناب پروفیسر غلام رسول خالد صاحب کالج کے دوسرے پرنسپل مقرر ہوئے۔ اور انہوں نے مسلسل گیارہ

سال تک اس درسگاہ کی ترقی وتوسیع کے لئے رات دن خدمت کرکے ادارے کو دیگر بڑے کالجوں کے ہم پلہ لانے کی کوشش کی۔

موجودہ پرنسپل جناب پروفیسر غلام مصطفیٰ صاحب ہیں جو اپنے پیش روؤں کی طرح ادارے کی ترقی وبہبو کو مزید تیز تر کرنے کی خاطر انتہائی تندہی اور جانفشانی سے سرگرم عمل ہیں۔ اور جناب پروفیسر قمر صدیق صاحب جو وائس پرنسپل ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہر گونہ تعاون کر رہے ہیں۔

ملکی ترقی وخوشحالی کے لئے بیدار ذہن کا ہونا ضروری ہے جبکہ بیدار ذہن ایک صحت مند جسم کا مرہون منت ہے لہٰذا ادارے میں درس وتدریس کے ساتھ ساتھ طلباء کے جسمانی نشو ونما اور انکی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے یکساں توجہ دی جاتی ہے اور اس سلسلے میں محکمہ تعلیم نے مختلف کھیلوں کے لئے ادارے کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کی ہیں۔

اگرچہ فٹ بال کو مکران کا روایتی کھیل سمجھا جاتا ہے۔ مگر کالج کے طلبار فٹ بال کے علاوہ کرکٹ، ہاکی۔ ٹیبل ٹینس اور والی بال بھی ذوق شوق سے کھیلتے ہیں۔ کالج کے بالمقابل فٹ بال گراؤنڈ ہے کہ جس میں ۵۰۰ افراد کے بیٹھنے کے لئے سیمنٹ سے تیار شدہ اسٹیڈیم بنایا گیا ہے۔ اور اس سے ملحق مغرب کی جانب کرکٹ گراونڈ ہے کہ جس پر ایک مضبوط اور پختہ پچ تعمیر کی گئی ہے۔ جب کہ دونوں ہاسٹلوں کے سامنے والی بال گراونڈ ہیں۔ کالج کی مختلف ٹیموں نے متعدد مرتبہ انٹر کالیجیٹ ٹورنامنٹ میں کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا ہے۔

اکتوبر ۱۹۸۳ء میں ضلع پنجگور میں منعقد "آل بلوچستان ٹورنامنٹ" میں تربت کالج کی ٹیم صوبہ بھر کے کالجوں میں سے واحد کالج ٹیم تھی کہ جس کو اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کی دعوت دی گئی اور شائقین فٹ بال نے ٹیم کے کھیل کو بے حد سراہا۔ اسی طرح ۱۹۸۴ء میں گورنمنٹ کالج سبی میں منعقد انٹر کالیجیٹ مقابلوں میں گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے فٹ بال۔ والی بال اور ٹیبل ٹینس کی ٹیموں نے شرکت کی اور بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا۔

اساتذہ کو دلچسپی اور یکسوئی سے اپنے فرائض کی سرانجام دہی سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کی خاطر حکومت نے ایک رہائشی کالونی بھی تعمیر کی ہے جو کالج کے جنوبی جانب واقع ہے۔ اور یہ کالونی ایک "پرنسپل لاج" کے علاوہ ۵ بنگلوں اور ۱۲ مینیریل کوارٹر پر مشتمل ہے۔ کالج کالونی کے ان رہائشی عمارات نے ضلعی ہیڈکوارٹر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا ہے۔

جب ڈگری کالج تربت کے طلباء اور اسٹاف نے کالج کا مجلہ نکالنے کا پروگرام مرتب کیا تو علاقہ کے قدیم نام کو زندہ رکھنے اور بیتے دنوں کی یاد تازہ کرنے کی خاطر مجلّہ کا نام بھی "کیچ" تجویز کیا گیا۔ تاکہ اسی نسبت سے موجودہ نسل اپنے اسلاف کے کارہائے نمایاں سے واقفیت حاصل کرے اور انہی کی نقشِ قدم پر چل کر ملک وقوم کی ترقی میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے انکو احسن طریقہ سے نبھائے۔

چونکہ اس مجلہ کا مقصد طلباء میں فن تحریر اور خصوصاً طلبار کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ سے زیادہ طلبار کی تحریکوں کو جگہ دی جائے۔ اگرچہ طلبار کے بعض مضامین افسانے۔ نظم اور غزل وغیرہ میں بہت سی فنی خرابیاں شدت سے محسوس ہونگی۔ ہم انکا اعتراف کرتے ہوئے معذرت خواہ ہیں لیکن اس عرض کے ساتھ کہ دوسرے مجلہ میں اس قسم کی غلطیوں کا کم سے کم اعادہ ہوگا۔

آخر میں اس مجلہ کی اشاعت پر ادارہ اساتذہ کرام اور طلبا کا شکر گذار ہے۔ ادارہ

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے اساتذہ
اور طلبہ کو ہم میگزین "کیچ" کی پہلی
اشاعت پر پُرخلوص مبارکباد پیش کرتے ہیں

غلام گہرام
سیکنڈ ایئر

لازوال کتاب

چودہ سو سال ایک لمبا عرصہ ہے۔ اس عرصے میں کتنی ہی سلطنتیں اُبھریں اور ختم ہوگئیں کتنی ہی عظیم شخصیتوں کے ستارے چمک کر ڈوب گئے کتنی ہی تہذیبوں کے آفتاب طلوع ہوکر ایسے ڈوبے کہ دوبارہ نہ اُبھر سکے۔ بے شمار نظریات اور فلسفوں نے تاریخ کے اسٹیج پر رقص کیا اور پھر جیسے فلم کا تماشا ختم ہوجاتا ہے۔ اس طرح چمکتے ہوئے سکرین کی جگہ تاریکی باقی رہ گئی۔

مگر تاریخ کی ساری رست وخیز اور تہذیبوں کے مدوجزر اور حوادث کی آندھیوں کے درمیان قرآن باقی ہے۔ حتیٰ کہ علمبردارِ ملت عروج وزوال اور دورِ غلامی جیسے مصائب سے گذری اور عزت وعظمت کی بلندیوں سے بار بار گری مگر اس زوال سے بھی قرآن کی عظمت میں کوئی فرق نہیں آیا۔ قرآن کا پیغام بھی اسی طرح تہذیبی فضاؤں میں گونج رہا ہے۔ قرآن کی روشن ہدایت اسی طرح جگمگا رہی ہے۔ اور قرآن کی تمام صداقتیں ایسی ہیں کہ زمانے کی گردشوں کے ہزاروں اُلٹ پھیر بھی اس کے ایک شوشے تک تغلیط وتردید نہیں کرسکے۔

اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ انہوں نے ہمارے نبی کو اپنی نشانیاں یعنی معجزات بھی عطا کئے اس سلسلے میں آپ کو سب سے بڑا معجزہ قرآن عطا کیا گیا جو ایک علمی معجزہ ہے۔ یہ معجزہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔ اور ہمیشہ تجدید ایمان وعمل کرتا رہے گا یہ ہمیشہ کے لئے سرچشمۂ ہدایت اور برہان ہے۔

قرآن نے معاشرہ میں انقلاب پیدا کیا۔ لوگوں کی زندگیاں بدل ڈالیں۔ قرآن حق کی آواز تھی اس نے باطل کو سرنگوں کردیا وہ "غلبہ" تھا جس نے سب کو مسخر کرلیا۔ قرآن نے جہاد کیا شرک کے خلاف کہ معبود ومسجود ایک ہے۔ خالق ومالک ایک ہے۔ اس کے سوا کوئی ذات اس کی ذات وصفات کے کسی پہلو اور کسی حصہ میں کسی اعتبار سے شریک نہیں۔ قرآن ایک مکمل نظامِ زندگی جس کے بنانے سے انسان عاجز تھا اس لئے پوری زندگی کا دستور جو انسان کی انفرادی، عائلی اور دینی و دنیاوی زندگی کو مربوط ومنظم کرتا ہے۔ اور صالح بنیادوں پر استوار کرتا ہے۔ قرآن ایک شمع ہے۔ ضلالت اور گمراہی کے اندھیروں میں اس نے یہ ظلمتیں پہلے بھی کافور کی ہے اور آج بھی اس کا اُجالا پھیلا ہوا ہے مختصراً قرآن زندگی کے مکمل "انقلاب" کا داعی اور پیغامبر ہے۔

غلام گہرام

سیکنڈ ایئر

رحمت الٰہی کی عالمگیر نمود

۱۲ ربیع الاول کا دن عالم انسانیت کی فضائے روحانی کا ایک ایسا ہی انقلاب عظیم تھا۔ جو چھٹی عیسوی میں ظاہر ہوا۔ وہ رحمت الٰہی کی بدلیوں کی ایک عالمگیر نمود تھی۔ جس کے فیضانِ عام نے تمام کائناتِ ہستی کو سرسبزی و شادابی کی بشارت سنائی اور زمین کی خشک سالیوں اور محرومیوں کی بدحالی کا دور ہمیشہ کے لئے ختم ہوگیا۔ وہ خداوندِ قدوس جس نے سینا کی چوٹیوں پر کہا تھا کہ میں اپنی قدرت کی بدلیوں کے اندر آتشیں بجلیوں کے ساتھ آؤں گا اور دس ہزار قدوسوں کے ساتھ جاہ وجلال کی نمود ہوگی۔ سو بالآخر وہ آگیا اور سعید و فاران کی چوٹیوں پر اس کے ابرکرم بوندیں پڑھنے لگیں۔

یہ دن ہدایت الٰہی کی تکمیل تھی۔ یہ شریعت ربانی کی ارتقاء کا مرتبہ آخری تھی۔ یہ سلسلہ ترسیل و نزولِ رحمت کا اختتام تھا۔ یہ سعادت بشریٰ کا آخری پیام تھا۔ یہ وراثتِ ارضی کی آخری بخشش تھی، یہ اُمت مسلمہ کے ظہور کا پہلا دن تھا اور یہ حضرت ختم المرسلین و رحمۃ للعٰلمین محمدؐ بن عبداللہ کی ولادت باسعادت تھی۔

یہ واقعہ ولادت نبویؐ ہے جو دعوت اسلام کے ظہور کا پہلا دن تھا اور یہی ماہ ربیع الاوّل ہے جس میں اس امت مسلمہ کی بنیاد پڑی جسے تمام عالم کی ہدایت وسعادت کا منصب عطا ہونے والا تھا۔ یہ ریگستانِ حجاز کی بادشاہت کا پہلا دن تھا۔ یہ عرب کی ترقی وعروج کی بانی کی پیدائش نہ تھی۔ یہ محض قوموں کی طاقتوں کا اعلان نہ تھا۔ اس میں صرف نسلوں اور ملکوں کی بندگی کی دعوت نہ تھی۔ جیسا کہ ہمیشہ ہوا ہے۔ اور جیسا کچھ کہ دنیا کی تمام تاریخ کا انتہائی سرمایہ ہے۔ بلکہ یہ عالم کی ربانی بادشاہت کا یوم میلاد تھا۔ یہ دنیا کی ترقی و عروج کے بانی کی پیدائش تھی۔ یہ کرۂ ارض کی سعادت کا ظہور تھا۔ یہ نوع انسانی کے شرف واحترام کا قیام عام تھا۔ یہ انسانوں کی بادشاہتوں، قوموں کی لڑائیوں، اور ملکوں کی فتوحات کا بلکہ خدا کی ایک ہی اور عالگیر بادشاہت کے عرش جلال وجبروت کے آخری اور دائمی نمود تھی۔ جو غلامی کی موت اور ہلاکت کی یادگار ہے۔ وراثت ارضی کی تقسیم اوّل ہے۔ جس کی وجہ سے کلمۂ حق و عدل زندہ ہوا اور جس کی وجہ سے ظلم وضلالت کی لعنت سے خدا کی زمین کو نجات ملی۔ پس یہی دن سب سے بڑا ہے کیونکہ اس دن کے اندر دنیا کی سب سے بڑی بڑائی ظاہر ہوئی اس کی یاد نہ تو قوموں سے وابستہ ہے اور نہ نسلوں سے بلکہ وہ تمام کرۂ ارضی کے ایک عام اور مشترک عظمت ہے۔ جس کو وہ اس وقت نہیں بھلا سکتی جب تک اسے سچائی اور نیکی کی ضرورت ہے۔ اور جب تک اس کی زمین اپنی زندگی اور بقا کے لئے عدالت و صداقت کی محتاج ہے۔

مُجلّہ ”کیچ“ کی اشاعت
پر گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
کے پرنسپل صاحب، پروفیسرز
صاحبان اور طلباء کو دلی
مُبارک باد
پیش کرتا ہوں
(مولانا) عبدالحق ممبر قومی اسمبلی پاکستان
مہتمم دار الحدیث تربت مکران بلوچستان

غلام گہرام
سیکنڈ ایئر

سراپائے

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میانہ قامت اور موزوں اندام تھے۔ آپ کی بناوٹ بدرجہ غایت خوبصورت تھی۔ رنگ چمکتا ہوا، سرخی مائل سفید، نہ زیادہ سفید نہ زیادہ گندم گوں، پیشانی چوڑی، ابرو پیوستہ، بینی مبارک مائل بہ درازی تھی، چہرہ اقدس کتابی تھا یعنی زیادہ پرگوشت نہ تھا۔ ساتھ ہی بہت خوبصورت تھا دہانہ کشادہ دندان مبارک ملے ہوئے نہ تھے، گردن لمبی، سر بڑا، سینہ کشادہ جس پر نافِ مبارک تک بالوں کی ہلکی سی تحریر تھی۔ سر کے بال نہ زیادہ گھنگریالے تھے اور نہ زیادہ سیدھے۔ ریش مبارک گھنی تھی۔ آنکھیں سیاہ اور سرمگیں، پلکیں بڑی بڑی۔ شانے پرگوشت، مونڈھوں کی ہڈیاں بڑی تھیں۔ شانوں اور کلائیوں پر بال تھے، ہتھیلیاں پرگوشت اور چوڑی، کلائیاں لمبی، ایڑھیاں باریک اور ہلکی، تلوے بیچ سے خالی تھے ان کے نیچے سے پانی نکل جاتا تھا۔

جب آپ خوش ہوتے تو چہرہ مبارک میں خاص چمک دمک رونما ہو جاتی تھی معلوم ہوتا تھا وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔ اور صحابہؓ چہرہ دیکھتے ہی آپ کی خوشی کا اندازہ کر لیتے تھے، پسینے میں ایک خاص خوشبو تھی جب پسینہ آتا تو معلوم ہوتا چہرے مبارک پر موتی ڈھلک رہے ہیں۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے کسی ریشم اور دیبا کو نہیں چھوا جو رسول اللہ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو اور کوئی ایسی خوشبو نہیں سونگھی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے بہتر ہو۔ آپ کا پسینہ دلہنوں کو بابرکت عطر کے طور پر لگایا جاتا تھا۔ جہاں گزرتے وہ جگہ معطر ہو جاتی۔ صحابہؓ پتہ لگا لیتے کہ حضورؐ اس طرف سے گزرے ہیں۔

ربیع بنت معوز نے عمار بن یاسر کے پوتے سے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیتا تو سمجھتا کہ سورج نکل آیا ہے جابر بن سمرہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ چاندنی رات تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرخ چادر اوڑھے ہوئے لیٹے تھے میں کبھی چاند کو دیکھتا کبھی آپ کو، آخر میں یہی سمجھا کہ حضورؐ چاند سے زیادہ خوبصورت ہیں۔ کسی نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا حضورؐ کے اخلاق بیان فرمائیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کَانَ خُلُقُہُ الْقُرْاٰنُ اور آنحضرتؐ کا فرمان تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ الرَّحْمٰنِ آئینہ عبدیت میں صفائے معیت، شمشیر فنا میں جوہر بقا۔ رنگ جلال کے ساتھ خوشبوئے جمال، وبے ہمہ، دست بکار۔ مستی میں ہوشیار بے خودی میں خود دار، ہر امر میں کچھ دار و شاندار، فقیروں کا ماویٰ، امیروں کا ملجا، ناداروں کا خزانہ حکماء میں حقائق نگاہ، علماء میں معرفت پناہ۔ محبوں کا پیشوا، محبوبوں کا مقتدیٰ، امام الصدیقین، خاتم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

سراج احمد بلوچ
کلاس سیکنڈ ایئر
گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کا نام عبداللہ کنیت ابوبکر اور صدیق لقب تھا۔ والد کا نام عثمان اور والدہ کا نام سلمہ تھا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ قبیلہ تیم سے تعلق رکھتے تھے اور پیشہ تجارت تھا۔ بڑوں میں سب سے پہلے آپ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ابوبکر صدیقؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سال چند ماہ چھوٹے تھے۔ آغازِ اسلام ہی سے ابوبکرؓ اپنے اندر دین حق کی اشاعت و ترویج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امداد و اعانت میں غیر معمولی جذبہ رکھتے تھے۔ اور ہر وقت نہایت خلوص و لگن سے اس میں مشغول رہتے تھے۔ چونکہ ابوبکر صدیقؓ عوام و خواص میں بہت ہر دلعزیز تھے اور لوگوں کے دلوں میں ان کی بے حد عزت و عقیدت تھی اس لیے بہت جلد متعدد اشخاص ان کی تبلیغ سے اسلام لائے۔ آپ ہی کی کاوشوں سے عبدالرحمٰن بن عوفؓ، طلیحہ بن عبیداللہؓ سعد بن ابی وقاصؓ، عثمان بن عفانؓ اور زبیر بن عوامؓ نے اسلام قبول کیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت بلالؓ کو انکے آقا سے خرید کر ہمیشہ ہمیشہ کی اذیتوں سے نجات دلائی۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشرکوں کے مسلسل مظالم سے نہایت درجہ پریشان ہو کر مکے کی سرزمین سے ہجرت کرنے اور مدینہ میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے تو اس موقعہ پر ابوبکر صدیقؓ ہی واحد شخص تھے، جنہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کا شرف حاصل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت جیسے نازک موقع پر صدیق اکبرؓ کو اپنا ساتھی اس لئے منتخب کیا کیونکہ ابوبکرؓ ہی سب سے پہلے آپ کی رسالت پر ایمان لائے تھے۔ اور دینِ حق کی خاطر جان و مال کی قربانی دینے سے اُن کا قدم دوسرے مسلمانوں سے آگے رہا تھا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوش بدوش کفار سے لڑتے رہے۔ اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرض الموت میں مبتلا ہوئے اور نماز پڑھانے کے لئے مسجد میں تشریف نہ لا سکے تو آپ نے اپنی جگہ جس شخص کو امامت کے لئے منتخب کیا وہ بھی ابوبکر صدیقؓ ہی تھے۔ یہ عظیم الشان شرف ایسا تھا جو کسی اور صحابی کو نصیب نہیں ہو سکا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آپ بالاتفاق مسلمانوں کے پہلے خلیفہ منتخب ہوئے۔ اور مسند خلافت سنبھالتے ہوئے سب سے پہلے یہ حکم صادر فرمایا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ کے لشکر کو شام روانہ

ہونے کا جو حکم دیا ہے وہ بدستور رہے گا۔ اس حکم کے خلاف لوگوں نے بہت سی چہ میگوئیاں کیں۔ لیکن ابو بکرؓ نے نہایت ثابت قدمی سے فرمایا کہ "مجھے اس ذات کی قسم ہے، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر مجھے یہ یقین ہو جائے کہ جنگل کے درندے مجھے اٹھا کر لے جائیں گے تو بھی اسامہ کے اس لشکر کو روانہ ہونے سے نہیں روک سکتا جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روانہ ہونے کا حکم دیا تھا"۔ آخر کار لشکر کو روانہ کیا گیا اور جواں سال اسامہ رومیوں کا مقابلہ کرکے کامیاب و کامران ہوئے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے اس عمل سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی بھی حکم سے سرِمو انحراف نہیں کیا۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ نے اپنے دورِ خلافت کے ابتدائی میں بہت ہی مشکلات سے دوچار ہوئے۔ جن میں مرتدین اور منکرین زکواۃ شامل ہے۔ آپ نے ان تمام فتنوں اور شورشوں کا قلع قمع کر دیا۔ آپ نے اپنے عہد خلافت کے ستائیس ۲۷ ماہ کی قلیل مدت میں اسلام کی سربلندی کے لئے بہت ہی جد وجہد کیا صدیق اکبرؓ ہی کے مبارک زمانے میں اس اسلامی سلطنت کا آغاز ہوا۔ جس نے پھیلتے پھیلتے دنیا کے کثیر حصّے کو اپنے دامن میں سمیٹ لیا۔ اس عظیم الشان مملکت کے کنارے ایشیا میں ہندوستان اور چین تک، افریقہ میں مصر اور تیونس و مراکش تک اور یورپ میں اُندلس اور فرانس تک پھیل گئے۔ یہی سلطنت تھی جس نے انسانی تہذیب و تمدن کو پروان چڑھانے کے لئے وہ کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ جن کا اثر رہتی دنیا تک رہیگا۔

اللہ کی ہزاروں برکتیں اور رحمتیں ہوں اس مقدس اور پاکباز انسان پر، جس نے اپنی عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت اور اشاعت اسلام میں صرف کر دی۔ وہ ضعیف تھے۔ لیکن دین کی راہ میں اس نے عدیم المثال استقامت کا ثبوت دیا۔ وہ امیر تھے لیکن اللہ کے راستے میں اپنا ایک ایک درہم خوش دلی سے خرچ کر دیا۔ اس کے راستے میں سنگ گراں حائل تھے مگر اس کے پائے استقلال میں خفیف سی بھی جُنبش پیدا نہ ہو سکی اور انہوں نے اسلام کی کشتی کو خوفناک طوفانوں اور مہیب خطرات سے بچا لیا۔ آپ ۲۱ جمادی الآخر ۱۳ھ کو تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پا گئے اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں مدفون ہیں۔

مجلہ "کیچ" کی پہلی اشاعت پر

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

کے اساتذہ اور طلبہ کی علمی کوششوں پر

ھدیۂ تہنیت

میر منشی محمد

چیئرمین یونین کونسل باڈی زامران

عبدالحمید شاکر
سیکنڈ ائیر

عیدالفطر

عید کی خوشی ہر سال آتی ہے۔ اور اہلِ اسلام کو مسرت و شادمانی کا پیغام دیتی ہے۔ ہر سال دو عیدیں آتی ہیں ایک عیدالفطر اور دوسری عیدالاضحیٰ۔ عیدالفطر رمضان ختم ہونے پر اور عیدالاضحیٰ حج کے موقع پر۔

رمضان المبارک برکتوں والا مہینہ ہے۔ روزہ ایک آزمائش ہے اس آزمائش کا ایک ایک لمحہ ثواب سے خالی نہیں ہے۔ مسلمان اس دور سے گذر کر عیدالفطر کی مسرتوں کا حقدار بنتا ہے۔

رمضان شریف کی انتیس تاریخ کو لوگ بار بار آسمان کی طرف دیکھتے ہیں۔ چاند نظر آئے تو لوگ خوشی سے چیخ اٹھتے ہیں اگر انتیس تاریخ کو چاند نظر نہیں آیا تو ۳۰ر تاریخ کو بہت کم لوگ چاند دیکھتے ہیں۔ کیونکہ انہیں یقین ہوتا ہے کہ چاند ضرور نکلے گا۔

بچے جب چاند دیکھتے ہیں۔ تو بڑوں کو سلام کرتے ہیں اور بڑے انہیں درازی عمر کی دعائیں دیتے ہیں۔ لوگ ہاتھ اٹھا کر دعائیں مانگتے ہیں۔ کہ اے اللہ! ہماری عبادتیں قبول فرما۔ اور آنے والا مہینہ رحمتوں سے خالی نہ ہو! بچوں کے چہرے خوشی سے دمک رہے ہوتے ہیں۔

یوں تو لوگ عید کی تیاریاں کئی دن پہلے سے کرتے ہیں۔ لیکن چاند رات کو ہر گھر میں گہما گہمی ہوتی ہے۔ سوّیوں اور اور پکوانوں کا اہتمام ہوتا ہے، دوپٹوں اور پگڑیوں کو کلف لگایا جاتا ہے۔ کپڑوں کی تراش خراش کی جاتی ہے۔ اور بچیاں ہاتھ میں مہندی لگانے میں مصروف ہوتی ہیں۔ خدا خدا کر کے عید کی مبارک صبح طلوع ہوتی ہے۔ یہ صبح جنت کی صبح سے کم نہیں ہوتی بچے خوشی سے قہقہے لگاتے ہیں۔ بزرگوں کو آداب و سلام کر کے عیدی وصول کرتے ہیں۔ گھر گھر میں سویاں اور حلوے پکتے ہیں۔ خوانوں میں طشتریاں رکھ رکھ کر گھروں میں تقسیم کی جاتی ہیں۔ بچے نئے نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ بزرگ بھی اجلے لباس میں ملبوس ہو کر تیار ہوتے ہیں۔ بچے بزرگوں کی انگلیاں پکڑ عیدگاہ کا رُخ کرتے ہیں۔ نمازِ عید کی دو رکعتیں پڑھ کر بزرگ گھر چلے جاتے ہیں۔ اور بچے بازاروں میں گھومتے پھرتے ہیں۔ مٹھائی اور پھلوں کی دوکانوں پر بہت چہل پہل ہوتی ہے۔ رنگ برنگی مٹھائیاں تھالوں میں سجی ہوتی ہیں بچے غبارے خریدتے ہیں اور پتنگ اڑاتے ہیں۔ بہت سے بچے جھولا جھولتے ہیں۔ ہر لمحہ مسرت اور شادمانی کا پیغام دیتا ہے۔ گھروں میں لذیذ کھانے پکتے ہیں۔ لوگ پلاؤ اور زردے پر خوب ہاتھ صاف کرتے ہیں۔ دوست اور عزیز و اقارب ایک دوسرے کے گھروں پر جا کر عید ملتے ہیں اور عید کی مبارک باد دیتے ہیں۔ سورج غروب ہونے پر مغرب کے وقت عید کی رونق میں بھی بتدریج کمی آجاتی ہے۔

جہانِ علمِ اسلام کی نظر میں

(ادارہ)

- جو آثارِ قدرت کا علم رکھتے ہیں وہی بندے خدا سے ڈرتے ہیں۔ (القرآن)
- جن کو علم دیا گیا ہے ان کے سینوں ہیں ہی ہماری آیات محفوظ ہیں۔ (القرآن)
- اسلام کا پہلا اعلان "اِقرأ" تھا۔ (القرآن)
- آدم کو علم کی وجہ سے فرشتوں پر فضیلت دی گئی۔ (القرآن)
- علم کی بدولت طالوت کو جالوت کے سامنے لایا گیا۔ (القرآن)
- طالبِ علم طلبِ علم کی حالت ہیں مرتا ہے تو شہید مرتا ہے۔ (الحدیث)
- جہاں علم اور حلم جمع ہو جائیں اس سے بہتر دو چیزیں یکجا نہ ملیں گی۔ (الحدیث)
- ایسے علم سے جس سے نفع نہ ہو اللہ کی پناہ مانگو۔ (الحدیث)
- علم پیغمبروں کی میراث ہے اور مال کفّار کی۔ (حضرت ابو بکر رض)
- قبل اس کے کہ بزرگ بنو علم حاصل کرو۔ (حضرت عمر رض)
- علم بغیر عمل کے نفع دیتا ہے اور عمل بغیر علم کے فائدہ نہیں بخشتا۔ (حضرت عثمان رض)
- اگر کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو اس سے لاعلمی کا اظہار نصف علم ہے۔ (حضرت علی رض)

فقیر محمد بلوچ
کلاس فرسٹ ایئر
گورنمنٹ ڈگری کالج تربت بکران۔

علم کی عظمت

۱) علم لازوال دولت ہے۔

۲) علم بے مثال نعمت ہے۔

۳) جس نے علم حاصل کیا، ہو وہ عظمتوں کا امین۔

۴) اور جو جاہل رہا، وہ پستیوں کا مکین۔

۵) علم شہرت دوام بھی ہے۔

۶) علم رفعتوں کا نام بھی ہے۔

۷) علم رہنمائے منزل ہے۔

۸) علم زندگی کا حاصل ہے۔

۹) علم قرآن ہے۔

۱۰) علم فرقان ہے۔

۱۱) علم حق و صداقت کا بُرہان ہے۔

۱۲) علم اپنی حقیقت کی پہچان ہے۔

علم کی فضیلت

(ادارہ)

✶ — علم ایک ایسا پودا ہے جس کو دل و دماغ کی زمین میں لگانے سے عقل کے پھول لگتے ہیں

✶ — اگر تم نے اپنی اولاد کے لئے فقط دولت چھوڑی ہے تو جان لو کہ انھیں گمراہی اور پستی کا قیدی بنا ہے۔ لیکن اگر علم دی ہے تو گویا ان کو تمام قیدوں سے آزاد کرا دیا ہے۔

✶ — ایک عالم میں ایک لاکھ جاہلوں کے برابر طاقت ہوتی ہے۔

✶ — عالم کا ورثہ ہر ملک و ہر شہر میں ہے۔

✶ — تعلیم ایک نور ہے، جس کا سایہ پڑتے ہی آدمی کے اردگرد روشنی بکھر جاتا ہے۔

✶ عالم کا سونا جاہل کی عبادت سے بہتر ہے۔

✶ — جس گھر میں ایک آدمی بیمار رہتا ہے سبھی گھر والے دکھی ہو جاتے ہیں، پس جس ملک میں اسّی فیصد باشندے جہالت کے مہلک مرض میں مبتلا ہوں وہ ملک کیسے خوشحال رہ سکتا ہے۔

✶ — انسان علم کا بہت زیادہ بوجھ اٹھانے کے باوجود خود کو پھول کی طرح ہلکا اور سُبک محسوس کرتا ہے

✶ — حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے کہ جس شخص نے مجھے ایک حرف کی بھی تعلیم دی اس نے مجھے اپنا غلام بنالیا

✶ — جہاں سورج چڑھتا ہے وہاں رات بھی ضرور ہوتی ہے، جہاں علم کی روشنی ہو، وہاں جہالت کا اندھیرا کبھی آ نہیں سکتا۔

✶ — چراغ جس طرح جلائے بغیر روشنی نہیں دیتا علم بھی بغیر عمل کے فائدہ نہیں پہنچاتا۔

✶ — عالم بے عمل گدھ کی مانند ہے جو آسمان پر اُڑتا ہے مگر اس کی نظر زمین کی مُردار پر ہے

✶ — دنیا میں سب سے بڑی بدبختی جہالت اور علم سے محرومی ہے

✶ — دلوں کے لئے علم میں اسی طرح زندگی ہے جس طرح مینہ سے زمین زندہ ہو جاتی ہے۔

گل حسن وفا بلوچ
فرسٹ ایئر سائنس
گورنمنٹ ڈگری کالج ۔ تربت

اقوالِ زرّیں

(۱) — لوگ یتیم اسے کہتے ہیں جس کے ماں باپ نہ ہوں، لیکن میں یتیم اس کو کہتا ہوں جس کے پاس علم نہ ہو۔
(۲) — میں نے سب سے پہلے ماں کی آنکھوں میں محبت دیکھی ہے۔
(۳) — اگر بڑا بننے کی خواہش ہے تو پہلے چھوٹا بنو۔
(۴) — پریشانی میں سکون اللہ کو یاد کرنے سے ملتا ہے۔
(۵) — حقیقی دوست وہ ہے۔ جو اس وقت کام آتا ہے جب ساری دنیا آپ کا ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔
(۶) — ظالموں کو معاف کر دینا، مظلوموں پر ظلم کرنے کے مترادف ہے۔
(۷) — جوانوں کی تلوار سے بوڑھوں کی رائے زیادہ بہتر ہے۔
(۸) — جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو باتیں کم ہو جاتی ہیں۔
(۹) — جس کی زبان شیریں اس کے دوست زیادہ ہیں۔
(۱۰) — کسی انسان سے جب ملو تو اتنے پرخلوص انداز سے کہ تمہاری یاد مدتوں اسکے دل میں نقش ہو کر رہ جائے۔
(۱۱) — دنیا میں وہی شخص کسی مقام کا مستحق ہوتا ہے۔ جو اپنا بوجھ خود اٹھا سکے۔
(۱۲) — شریف آدمی کی نشانی یہ ہے کہ وہ ان لوگوں کی بھی عزت کرتا ہے۔ جن سے اسے کسی بھی فائدہ کی امید نہیں۔
(۱۳) — بڑے کام کرو لیکن بڑے وعدے نہ کرو۔
(۱۴) — بادلوں کی طرح رہو جو پھولوں پر بھی نہیں کانٹوں پر بھی برستے ہیں۔
(۱۵) — انسان کو اپنی موت تک جدوجہد کرنی چاہیئے۔
(۱۶) — وہی کام کرو جس کے کرنے کے بعد پشیماں نہ ہونا پڑے۔
(۱۷) — تم بڑوں کی عزت کرو چھوٹے خود بخود تمہاری عزت کریں گے۔
(۱۸) — تجربہ ہی سب سے بڑا استاد ہے۔
(۱۹) — خداوند کریم کے سوا کسی سے خوف مت کھاؤ۔
(۲۰) — نیکی اور بدی کے درمیان اتنی باریک لکیر ہوتی ہے جو نظر نہیں آتی۔
(۲۱) — میں نے ایک پھول اور ماں میں کوئی فرق نہیں دیکھا۔
(۲۲) — شروع کرنا انسان کا کام ہے اور اسے پایۂ تکمیل تک پہنچانا خدا کا کام ہے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

کے اساتذہ اور طلباء کو میگزین

کیچ

کی اولین اشاعت پر پُرخلوص

مُبارک باد

غنی پرواز
لیکچرر سیاسیات

پیک

دِل کے اُجڑے ہوئے خانے کا یہ خاموش چراغ
پھر کسی یاد کے شُعلے سے بھڑک اُٹھا ہے
روشنی میں جو کبھی اِس کی میں کرتا ہوں نگاہ
ایسا لگتا ہے کہ ہر سُو وہی نظّارے ھیں
وہی رنگین فضا اور درخشاں ماحول
وہی پُر شوق ہوائیں، وہی دلچسپ سماں
وہی بازار تمنّا، وہی خوابوں کے شہر
لُطف واکرام کے پھُولوں سے سجائی گلیاں
ھر جگہ ایک کہانی ہے وفاداری کی
کیسا عالم ہے محبّت کے سہارے آباد؟
سازِ پُر کیف بجاتی ہوئی، اِٹھلاتی ہوئی
زندگی اِک عجب انداز سے پھرتی تھی جہاں
آج یادوں کے سِوا آہ! وہاں کچھ بھی نہیں؟

کہاں ہے وہ منزل؟

غنی پرواز
لیکچرر سیاسیات

کہاں ہے وہ منزل ؟
کہ جس کے لئے بیقرار ایک عالم
کہ جس کی ہر ایک لمحہ یہ زندگی مُنتظِر ہے
کہاں ہے وہ منزل ؟
جو بخشے قرار آدمی کو
جو دیدے خوشی زندگی کو
کہاں ہے وہ منزل ؟
جو سب کو لٹیروں سے محفوظ رکھے
جو سب کے لُٹے گھر۔ پھر سے آباد کردے
کہاں ہے وہ منزل ؟
جو اِس پرخطر دشت کے بعد آئے
جہاں آدمی اِن درندوں سے چُھٹکارا پائے
سُنا ہے کہ نزدیک ہے وہ یہاں سے
وہاں پہنچنے میں
کوئی دیر لگتی نہیں ہے
مگر شرط ہے اُٹھ کے چلنا
کمر باندھ کر آگے بڑھنا

مزاجِ دہر

باقر علی شاکر

کبھی رنجور کبھی مسرور رکھتا ہے مجھے
مزاجِ دہر یہ کیا تو، کرتا ہے مجھے

میں معصوم صفت اور سادہ لوح
کیوں نئی راہوں میں لئے جاتا ہے مجھے

کوچۂ جاناں سے نکلوں نہ کبھی
عادتیں یہ کیسی تو سکھاتا ہے مجھے

کیوں میں گاؤں اب گُن تیرے
روز کب مسرتیں ملتی ہیں مجھے،

آدمی ہے عیش کا خواہاں باقر
یہی ارماں اکثر ستاتا ہے مجھے

باقر علی شاکر
آرٹس گروپ
گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

غزل

وہی کہنے لگے مجھ کو، جنہیں آشفتہ سر سمجھتا تھا میں
بڑا نادان تھا۔ صحراؤں کو گھر سمجھا تھا میں

میں نے چھوا تک نہیں پھول کو اس لئے ـــ !
کہ ہر ایک پھول کو برق و شرّر سمجھا تھا میں

کون توقع پھر رکھے اپنوں سے پھر اُمید کی
زخم اور دینے لگا وہ، جس کو چارہ گر سمجھا تھا میں

نہ تھا معلوم مجھے ڈس لیں گے یہ مانندِ سانپ
لُطفِ زندگی کا ذریعۂ مال و زر سمجھا تھا میں

دہر میں کون آدمی کا اعتبار باقرؔ کرے
راہزن نکلا وہی جس کو راہبر سمجھا تھا میں

مُجلّہ ایچ

کی اشاعت پر

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت کے اساتذہ

اور

طلباء کی خدمت میں ہدیۂ تہنیت

اشاعتِ علم میں آپ کا دعا گو

میر مراد خان

چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل تربت

میرا پسندیدہ شاعر

اسداللہ خان غالبؔ

وسیم اکرم راجہ

یوں تو دنیا میں بہت اچھے شاعر گذرے ہیں۔ اور وہ سب مجھے پسند ہیں۔ لیکن جو شاعر مجھے سب سے زیادہ پسند ہے۔ وہ ہے مرزا اسداللہ خان غالبؔ۔

مرزا اسداللہ خان غالبؔ ۱۷۹۷ء میں آگرہ میں پیدا ہوئے مرزا غالبؔ کے کلام میں جادو ہے شعر نرالے ہیں۔ انہوں نے شاعری کو ایک جدید طرز بخش دی۔

ہمارے مبصرین نے غالبؔ کو ایک مسلم الثبوت استاد مانا ہے۔ آپ اردو ادب کے بہت بڑے غزل گو شاعر سمجھے جاتے ہیں۔ انکا خیال بالکل انوکھا ہے۔ اظہار جذبات میں انہیں ایک غیر معمولی قدرت حاصل ہے۔ ادب اور خاص طور سے غزل میں مرزا غالبؔ نے اپنی جدت طبع سے نئی راہیں پیدا کیں۔ پرانے انداز سے ہٹ کر ایک مختلف انداز ایجاد کیا ہے۔ غزل میں گہرائی اور وسعت پیدا کی ہے۔ غالبؔ کا انداز بیان منفرد اور اچھوتا ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ ؎

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے اندازِ بیاں اور

یعنی کہ دنیا میں اور بھی شاعر ہیں جو اچھے اشعار کہتے ہیں اور اچھی شاعری کرتے ہیں۔ لیکن جو بات غالبؔ کے کلام اور انداز بیان ہے۔ وہ کسی اور میں موجود نہیں۔

شروع شروع میں غالب فارسی میں شعر کہتے تھے اور انہیں اپنی شاعری پہ ناز تھا۔ کیونکہ جو شعر غالبؔ فارسی میں کہتے تھے۔ ان شعر کا ترجمہ تو کوئی زبان دان بھی نہیں کر سکتا تھا۔ لیکن بعد میں عوام کے اصرار پر انہوں نے اردو شاعری کی بھی ابتدا کی۔

انہیں کیا معلوم تھا کہ وہ اردو ادب کا سب سے بڑا شاعر اور استاد مانا جائے گا۔ لیکن یہ سب اس کی محنت اور کاوشوں کا نتیجہ تھا کہ وہ اردو کا عظیم شاعر بن گیا۔

۱۸۶۹ء میں مرزا غالب دہلی میں انتقال کر گئے۔ چونکہ آج غالب ہم میں موجود نہیں ہیں۔ لیکن ان کی یاد ان کے شعروں کے ذریعے ابھی تک ہم سب میں موجود ہے۔ اور آخر میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اسے جنت نصیب کرے۔ آمین۔

عبدالصبور، سیکنڈ ایئر (سائنس)
گورنمنٹ ڈگری کالج۔ تربت

بلوچی زبان کا بے تاج بادشاہ

سیّد ظہور شاہ ہاشمی

داستانِ عشق کی رنگینیاں کچھ کم نہ تھیں
میرے افسانے کے دم سے اور رنگیں ہوگئیں

بلوچی زبان کا ممتاز شاعر، ادیب، ناول نویس، فلاسفر اور مؤرخ سید ظہور شاہ ہاشمی ہمارے اکثر لکھنے والوں کی نظر میں ۲۱ اپریل ۱۹۲۶ء میں گوادر میں پیدا ہوئے۔ لیکن ان کے قریبی عزیز و اقارب کے کہنے کے مطابق آپ جیوانی میں پیدا ہوئے تھے جو کہ بعد میں گوادر میں رہائش پذیر ہوئے۔ آپ نے ۱۹۴۶ء میں انجمن اصلاح بلوچان کے نام سے ایک اصلاحی انجمن قائم کی اور "جدو جہد" کے نام سے اپنے کاوشوں کی ابتدا کی۔ لیکن حکومتِ عمان نے اسے بند کر دیا اور تین سال تک عمانی سلطنت نے بلوچوں کی اصلاح اور جدوجہد جاری رکھنے کے سلسلے میں قید رکھا۔ رہا ہونے کے بعد اسے جلاوطن زندگی گزارنے پر مجبور کیا گیا اور وہ کچھ عرصے بھٹکتا رہا۔ ۱۹۵۰ء میں آپ کراچی آئے۔ یہاں انھیں پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن بلوچی سیکشن کا نگران مقرر کیا گیا۔ ۱۹۵۲ء میں اپنے چند ادب دوستوں کے ساتھ "بلوچی زبانء سرچمگ" کے نام سے ایک انجمن قائم کیا اور آپ اس انجمن کے سکریٹری منتخب کئے گئے اور اس انجمن کے سلسلے میں انھوں نے حیدر آباد میں منعقدہ "بلوچی زبان کی پہلی کانفرنس" میں شرکت کی اور کانفرنس میں بلوچی رسم الخط پر اظہار خیال کیا لیکن نا اتفاقی کی وجہ سے یہ انجمن زیادہ عرصہ تک نہیں چل سکی اور مایوس ہو کر سید ہاشمی ترکِ وطن کر کے گلف چلے گئے تقریباً دس سال وہاں قیام کرنے کے بعد واپس کراچی آئے اور "نذکار پبلیکیشنز" کے نام سے تصنیف و تالیف کا کام شروع کیا۔

اگر ہم سید ہاشمی کے ادبی کارناموں کا جائزہ لیں تو ہمیں وہ ہر فیلڈ میں سب سے آگے نظر آتا ہے۔ شاعری ہو یا افسانہ نگاری، تاریخ دانی ہو یا فلاسفری ہر صنفِ ادب میں انہیں دسترس حاصل تھا آپ کی شاعری نے عشق کے افسانوں کو رنگین سے رنگین تر بنایا۔ اور ایک الگ انداز اپنایا۔ سید ہاشمی نے شاعری کی ابتداء اردو زبان سے کی اور ان کی یہ غزل

مثال کے طور پر ہم یہاں تحریر کرتے ہیں:

آج میری کیا نماز، کیا تلاوت، کیا دعا
سب کے سب یکمشت نذر خوابِ رنگیں ہوگئیں
ہجر کی یہ تلخیاں گر زہر سے کچھ کم نہ تھیں
وصل کی شیرینیاں بھی اور شیریں ہوگئیں
میں تو منکر تھا مگر اب دیکھ کر مومن ہوا،
میری آہیں جب حریفِ ماہ و پروین ہوگئیں
صور تو سے خاکِ بے صورت کا دل معمور ہے
کچھ بنی نرگس تو کچھ گل اور نسریں ہوگئیں
میری کم اندیش فطرت پر گھٹائیں چھا گئیں
کس کی خوش بختی سے یہ افکار زرّیں ہوگئیں
اس قدر آوارگی کا شوق افزوں ہوگیا
بیڑیاں پاؤں میں میری جتنی سنگیں ہوگئیں
دل نہ تھا پتھر تھا سینے میں جو ہو جاتا تھا آب
گرچہ آنکھیں دیکھ کر مجھ کو غم آگیں ہوگئیں
داستانِ عشق کی رنگینیاں کچھ کم نہ تھیں
میرے افسانے کے دم سے اور رنگیں ہوگئیں

لیکن بعد میں اردو شاعری ترک کرکے اپنی مادری زبان میں شعر کہنا شروع کیا۔ اردو شاعری میں غزل کو زیادہ ترجیح دی۔ سنہ ۱۹۵۰ء سے لیکر سنہ ۱۹۵۳ء تک کے تمام اشعار "انگر و ترونگل" کے نام سے کتابی صورت میں شائع کیا۔ اور غزلوں کا دوسرا مجموعہ "ترتگلیں ہیر" جس میں ۱۹۵۲ء سے لیکر ۱۹۵۴ء کے اشعار شامل ہیں۔ سنہ ۱۹۶۲ء میں بحرین سے شائع کیا۔ لیکن اس دوران سید ہاشمی بیمار تھے اور بحرین کے اسپتال میں زیرِ علاج تھے اور اسی طرح تیسرا مجموعہ کلام "ترا پکنیں ترمپ" کے نام سے شائع کیا۔ ان کے علاوہ جو کتابیں منظرِ عام پر نہیں آئے یہ ہیں:۔ "سچکانیں سستا" "گسد گوار" "تہگوشتن ءِ شاہاز" "دستکلیں شہجو"

بہر کیف سید ہاشمی نے اپنے تمام کاوشوں کو بلوچی زبان اور ملک و قوم کے لئے وقف کر دیا۔ اس طرح آپکے کارنامے بلوچی زبان کے لئے ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔

بلوچی زبان کو وسیع سے وسیع تر بنانے میں سید ہاشمی کی کاوشیں قابلِ قدر ہیں۔ شاعری اور نثر نگاری دونوں میں انھوں نے قدیم لفظوں کو جو کہ لوگ بھول چکے تھے دوبارہ زندگی بخشی۔ ان کے علاوہ دنیا میں سائنسی ایجادات ہو رہے ہیں اور جن کا بلوچی زبان میں کوئی موزون نام نہ تھا، آپنے ان جدید ایجادات کو بلوچی میں موزون الفاظ دیکر دنیا کے سامنے پیش کیا۔ ان کے علاوہ بلوچی زبان میں ایک لغت "سید گنج" (جو کہ آپ کی پچیس سالہ کاوشوں کا نتیجہ ہے) مرتب کی جو کہ بلوچی زبان کے لئے ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ "سید گنج" اگر منظرِ عام پر آجائے تو بہت سے لوگ اس سے فیض یاب ہوں گے۔ مگر افسوس کہ اسے کسی نے شائع کرنے کی ہمت نہ کی۔ اور اب سید ہاشمی کے نام پر کراچی "سید ہاشمی اکیڈمی" اسے چھپوانے کے بارے میں غور کر رہی ہے (ہماری دعائیں اور تمنائیں ان کے ساتھ ہیں کہ وہ اس نیک کام میں کامیاب ہوجائیں)

آپ ۴ مارچ ۱۹۷۸ء کو ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہوگئے اور اپنے بیش بہا سرمایہ نئی نسل کے لئے چھوڑا لیکن سید ہاشمی کی شاعری اسوقت تک نامکمل دکھائی دے گی جبتک آپ کی تخلیقات کتابی شکل میں شائع نہ ہوں گی۔

علی بخش دشتی
لیکچرار
شعبہ جغرافیہ

اقبال
بحیثیت شاعر فطرت

فطری شاعری میں انگریزی زبان کے شاعر ورڈ سورتھ فطرت کی عکاسی کے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ ان کی نظم "ویسٹ منسٹر برج" بطور مثال پیش کی جاتی ہے جس کے چند خوبصورت شعر یہ ہیں

Earth has not any thing to show
more fare. This city now do-
the like a garment wear. The
beauty of morning silent bare.
Never did run more beautiful
steep Never saw I never left a
calm so deep.

Dear God ! The Very houses
seem sleep and all that might
heart is lying still.

اقبال کی منظر کشی کو ورڈ سورتھ کے منظر کشی کے مقابلے میں نہایت فخر کے ساتھ پیش کیا جا سکتا ہے وہ الفاظ کے ذریعہ فطرت کی ایسی تصویر کھینچتے ہیں کہ حقیقت آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ اقبال تجریدی تصورات کو ٹھوس شکل میں پیش کرتے ہیں اور الفاظ کے طلسم سے بے جان اشیاء میں روح پھونک کر ان کے ذریعے اپنا پیام دنیا والوں تک پہنچا دیتے ہیں ان کی نظم "بزم انجم" ادبی مصوری کا ایک انوکھا اور نادر نمونہ ہے!

سورج نے جاتے جاتے شام سیہ قبا کو
طشت افق سے لے کر لالے کے پھول مارے
پہنا دیا شفق نے سونے کا سارا زیور
قدرت نے اپنے گہنے چاندی کے سب اتارے
محمل میں خامشی کے لیلائے ظلمت آئی
چمکے عروسِ شب کے موتی وہ پیارے پیارے
وہ دور رہنے والے ہنگامہ جہاں سے
کہتا ہے جن کو انساں اپنی زباں میں تارے

ورڈ سورتھ اپنی متذکرہ بالا نظم میں کہتے ہیں کہ شہر صبح کے حسن کو اس طرح زیب کئے ہوئے ہے جیسے کہ وہ اس کا لباس ہے اور اقبال کہتے ہیں کہ شام کے وقت عروس فطرت چاندی کا گہنا اتار دیتی ہے کیونکہ شفق اسے سونے کا گہنا پہنا دیتی ہے اور پھر رات خاموشی کے محمل میں سوار ہو کر چلی آتی ہے۔

ورڈ سورتھ اپنی اس نظم میں جس کا ذکر اوپر آیا ہے خاموشی کو اس طرح بیان

کرتے ہیں کہ اے خدا! ایسا محسوس ہوتا ہے کہ خود مکانات بھی سو رہے ہیں اور طاقت ور قلب و لندن شہر خاموش پڑا ہوا ہے لیکن اقبال اپنی نظم "ایک شام" میں کہتے ہیں

خاموش ہے چاندنی قمر کی
شاخیں ہیں خاموش ہر شجر کی
وادی کے نوا فروش خاموش
کہسار کے سبز پوش خاموش
فطرت بے ہوش ہو گئی ہے
آغوش میں شب کے سو گئی ہے

آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے کہ اقبال خاموشی کو کس قدر اثر آفریں انداز میں پیش کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک خاموشی اس قدر اثر آفریں ہے کہ اس کے اثر سے خود فطرت ہی بے ہوش ہو کر شب کے آغوش میں سو گئی ہے!!

جو فنکار فطرت سے مغلوب ہوتا ہے وہ اپنی موت کو آپ دعوت دیتا ہے وہ فطرت کی ایک غیر مکمل اور بے جان تصویر پیش کرتا ہے اس کے برعکس حقیقی فنکار اپنی محبت کے زور سے فطرت کو مغلوب کر کے اس کی حدود کو وسیع سے وسیع تر کرتا رہتا ہے وہ فطرت کے خزانوں میں لعل و گوہر کا اضافہ کرتا ہے اس کی تخلیق فطرت کی تخلیق سے زیادہ مکمل اور زیادہ حسین ہوتی ہے۔

وہ حسن، قبح اور خیر و شر پر گہری نظر رکھتا ہے، وہ بوقت واحد مخرب بھی ہے اور معمار بھی ہے، فرسودہ، بیکار اور بدصورت اشیا کو وہ تباہ کرتا ہے اور ان کے کھنڈرات پر اپنی نئی دنیا تعمیر کرتا ہے! اقبال کو فطرت کے حسین مناظر سے محبت ہے، وہ فطرت کا مشاہدہ موضوعی اعتبار سے کرتے ہیں۔ ان کا ذہن موضوع کو پہلے مغلوب کر لیتا ہے اور پھر ان کی جذباتی کیفیت اس میں حل ہو کر صفحۂ قرطاس پر منعکس ہو جاتی ہے۔

اقبال فطرت کو کئی مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں، کہیں تمثیلوں اور کہیں اشعار کے پس منظر کا اس سے کام لیتے ہیں اور کہیں اپنا پیام دینے سے پہلے پڑھنے والے کو ذہنی طور پر تیار کرنے کے لئے اس کا استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً ساقی نامہ میں کہتے ہیں۔

فضا نیلی نیلی، ہوا میں سرور
ٹھہرتے نہیں آشیاں میں طیور
وہ جوئے کہستاں اچکتی ہوئی
اٹکتی، لچکتی، سرکتی ہوئی
اچھلتی، پھسلتی، سنبھلتی ہوئی
بڑے پیچ کھا کر نکلتی ہوئی
ذرا دیکھ اے ساقی لالہ فام
سناتی ہے یہ زندگی کا پیام

ان اشعار میں اقبال پہلے فرحت بخش فضا اور سرور انگیز کیفیت کو بیان کرتے ہیں اور پھر یہ کہتے ہیں کہ جس طرح کہستانی آپ جو دشوار گزار پہاڑوں کو کاٹتی ہوئی آگے بڑھتی ہے اس طرح انسان کو بھی دشواریوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ارتقائی منزلیں طے کرنی چاہئیں۔ یہ منظر کشی کی کیفیت نہ صرف دلفریب ہے بلکہ اقبال کی دعوت کشمکش کی علمبردار بھی ہے جس طرح اس نظم کو پڑھنے سے زندگی کو توانائی ملتی ہے اسی طرح طبیعت میں تازگی اور روح میں فرحت محسوس ہوتی ہے۔

> "اقبال الفاظ کے ذریعہ فطرت کی ایسی تصویر کھینچتے ہیں کہ حقیقت آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ اقبال تجریدی تصورات کو ٹھوس شکل میں پیش کرتے ہیں۔ اور الفاظ کے طلسم سے بے جان اشیا میں روح پھونک کر ان کے ذریعہ اپنا پیغام دنیا والوں تک پہونچا دیتے ہیں۔
>
> (علی بخش دشتی۔ شعبہ جغرافیہ

محمد رفیق بروہی

بی۔ ایس۔ سی۔ گورنمنٹ ڈگری کالج۔ تربت

میرا پسندیدہ شاعر

اکبر الہ آبادی

اکبر الہ آبادی اُردو ادب میں ایک ایسے شاعر کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ جنہوں نے شگفتگی، مزاح اور طنز کے ذریعے مغربی تہذیب و ثقافت کے سیلاب کو روکنا اور اپنی مشرقی اقدار کا تحفظ کرنا چاہا۔ وہ ایک ایسے دور میں جوان ہوئے جب انگریز اپنی زبان، ثقافت اور تہذیب کو پوری طرح ہندوستان کے محکوم لوگوں پر مسلط کرنے کے لئے کوشاں تھا اور بات صرف یہیں تک محدود نہیں تھی بلکہ عیسائیوں کے پیشوا اور مذہبی ادارے، ہندوستان کو ان کے مذہب سے بھی ہٹانے کی کوشش کر رہے تھے۔ دوسری طرف مسلمانوں کے اندر سر سید احمد خان ایک ایسی تحریک کے قائد کی حیثیت سے سرگرم عمل تھے جس کا مقصد مسلمان قوم کو جدید علوم و فنون سے آگاہ کرنا تھا۔ اور دنیا کے ساتھ قدم ملا کر چلنے کے لئے تیار کرنا تھا۔ اکبر الہ آبادی کو یہ تحریک اپنی تہذیب کی مرگ نظر آرہی تھی۔ اس لئے انہوں نے جہاں سر سید کی تحریک سے اپنی ناخوشی کا اظہار کیا وہاں پوری مغربی تہذیب کو رد کر دیا۔

اکبر الہ آبادی ۱۸۴۶ء میں پیدا ہوئے ان کے والد سید تفضل حسین شاہ اپنے زمانے کے مشہور صاحب علم اور حساب داں تھے۔ ابتدائی تعلیم اکبر نے اپنے والد سے حاصل کی۔ عملی زندگی کا آغاز منشی کی حیثیت سے کیا بعد میں ریلوے میں ملازم ہو گئے تین سال تک ریلوے میں کام کرنے کے ساتھ قانون کی کتابیں بھی پڑھتے رہے۔ چوتھے سال وکالت کا امتحان دیا اور کامیاب ہونے کے بعد دو سال وکالت کرتے رہے۔ آدمی ذہین تھے۔ جلد مشہور ہو گئے اور نائب تحصیلدار بنا دیئے گئے۔ پھر ہائی کورٹ کی وکالت کا امتحان پاس کیا۔ جس کے نتیجہ میں مجسٹریٹ ہو گئے۔ پھر سب جج اور آخر میں سیشن جج الہ آباد مقرر ہوئے۔ ۱۹۰ء میں حکومت نے خان بہادر کا خطاب دیا۔ ۹ ستمبر ۱۹۲۱ء میں ۷۵ سال کی عمر

میں اس دنیا فانی سے چل بسے۔ قوم نے انہیں لسان العصر کا خطاب دیا۔

اکبر الہ آبادی کو شعر کہنے کا شوق بچپن سے تھا۔ شروع میں انہوں نے نظمیں اور غزلیں کہیں۔ لیکن پھر بعد میں اپنے لئے ایک الگ انداز چن لیا۔ جس میں ظرافت کے ساتھ طنز کے نشتر بھی تھے۔ اور اکبر نے ان نشتروں سے اصلاح قوم کا جو کام کیا وہ کسی سے نہ ہوسکا۔ انہوں نے زندگی کے ہر شعبے کے متعلق اپنے مخصوص رنگ میں اظہار کیا۔ اکبر الہ آبادی کو اپنی پرانی تہذیب اور معاشرہ اسکی خامیوں سمیت بڑا عزیز تھا۔ ان کی نگاہ میں قدیم طریق کو چھوڑنا اور جدید طرز اختیار کرنا گویا اسلام سے کفر کی طرف جانا تھا۔ اس لئے وہ جدیدیت کے سیلاب کے آگے کمربستہ ہو گئے۔ یہ ایک ایسی کوشش تھی۔ جس کا نتیجہ کچھ نہیں نکلتا تھا۔ بہر حال اکبر الہ آبادی ایک قدیم تہذیب کو بچانے والوں کی حیثیت سے زیادہ پہچانے جاتے ہیں۔

فنی لحاظ سے اکبر الہ آبادی ایک کامل شاعر ہیں۔ رکیک بات نہیں کہتے۔ انگریزی اور ہندی کے الفاظ استعمال کرکے لفظ بیان پیدا کرتے ہیں۔ آخر میں اکبر الہ آبادی کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں۔

- اکبر نے کہا سن لو یار اللہ نہیں تو کچھ بھی نہیں
  یاروں نے کہا یہ قول غلط تنخواہ نہیں تو کچھ بھی نہیں

- مل نہ سکتی ممبری تو جھیل ہی کو جھیلتے
  ناتواں ہیں ورنہ کوئی کھیل ہم بھی کھیلتے

- بتاؤں آپ سے مرنے کے بعد کیا ہوگا
  پلاؤ کھائیں گے احباب، فاتحہ ہوگا

- ہم کیا کہیں احباب کیا کارِ نمایاں کر گئے
  بی۔ اے ہوئے، نوکر ہوئے، پنشن ملی اور مر گئے

عطاء اللہ قحطانی دشتی
سیکنڈ ایئر

بلوچی رزمیہ شاعری

دنیا کی تمام مہذب زبانوں کی طرح بلوچی زبان کا دامن بھی روحانی گیتوں رزمیہ شاعری اور تاریخی داستانوں سے مالا مال ہے بلوچوں کی زندگی قبائلی رہی ہے۔ ان کے درمیان قبائلی زور آزمائی ہوتی رہی اِن کے باہمی خاندانی اور قبائلی عداوتیں سالہا سال چلتی رہیں چنانچہ بلوچی ادب کا زیادہ حصہ اِن خصوصیات کی نمائندگی بھی کرتا ہے اسی لئے بلوچی ادب میں رزمیہ داستانوں کا بڑا ذخیرہ موجود ہے جس میں قبائل کے باہمی جنگ وجدل کا ذکر ملتا ہے اور یہ حصّہ ادب زیادہ تر رزمیہ شاعری پر مشتمل ہے۔

رزمیہ اشعار وہی لوگ کہہ سکتے ہیں جو بذاتِ خود میدان جنگ میں موجود لڑائیوں میں شامل اور حملہ کے وقت سب سے آگے ہوتے ہیں ایک بلوچ شاعر اس سلسلے میں یوں کہتا ہے۔

شعر ہما مرد گوشنت
دت موہری دعوا گرنت

یعنی

شعر وہ جوانمرد کہتے ہیں
جو لڑائی میں آگے آگے ہوتے ہیں

اسی طرح بلوچی رزمیہ شاعری میں ان فرزندوں کا ذکر ہے جو کہ میدان جنگ میں سب سے آگے اور پیش پیش تھے، اگر یہ کہا جائے کہ بلوچی رزمیہ شاعری میر چاکر خان رند اور میر گوہرام لاشاری کی مرہون منت ہے تو میرے خیال میں مبالغہ نہ ہوگا۔ کیونکہ بلوچی رزمیہ شاعری کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ بلوچی رزمیہ شاعری کا ابتدا اِن دونوں جانبازوں کے آپس کے قبائلی جھگڑوں سے ہوتا ہے۔ بلوچی رزمیہ شاعری میں میر چاکر رند اور میر گوہرام لاشاری کی حریفانہ نوک جھوک کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ اِس صنف سخن میں طعن وتشنیع کے جو تیر وخنجر چلائے گئے جو مؤثر شستہ اور سلیس مگر پُر جوش زبان استعمال کی گئی اور جن برمحل موزوں اور شائستہ تشبیہہ واستعاروں سے کام لیا گیا۔ بلوچی رزمیہ شاعری میں اُن کی نظیر بہت کم ملتی

ہے اس سلسلے کی ایک نظم میں میر چاکر رند اپنے حریف میر گوہرام لاشاری کو للکار کر کہتا ہے ۔

مرد بی کہ مرداں ٹیپتگے
رنداں گوں سیال جیڑواں

یعنی

اب مرد بنو کہ
تم نے مردوں کو للکارا ہے
تم نے رندوں کے ساتھ برابری کا دعوٰی کیا ہے

بلوچ اگر آج تک خانہ جنگیوں قبائلی چپقلشوں میں مبتلا رہے اِن کی وجہ بلوچوں کی فرسودہ روایات اور غیر ضروری رسم و رواج اور جہالت ہے اور اس کے علاوہ بلوچوں کا وہ فعل بھی ہے جسے ہم بلوچی میں "شگان" یعنی طنز و طعنہ کہتے ہیں لیکن اردو میں طنز یا شگان کی کوئی گہرائی نہیں ہے ۔ بلکہ ایک عام لفظ سمجھا جاتا ہے ۔ لیکن بلوچی میں طنز یا شگان کی بہت بڑی اہمیت ہے اس شگان کی وجہ سے بہت سی مائیں اپنے لخت جگروں سے ہاتھ دھو بیٹھیں اور بہت سی بہنیں اپنے بھائیوں کی ہمیشہ جدائی سے خون کے آنسو رو دیں بلوچی رزمیہ شاعری شگان یا طنز سے بھری پڑی ہے ۔ مثال کے طور پر ملاحظہ ہو، کہ میر گوہرام اپنی اس مشہور رزمیہ نظم میں میر چاکر خان رند پر طنز کرتے کہتا ہے ۔

پہر نہ بندے وچوڑ نہ جنڈینے
ہپت زرو ہپتاد کوہ بگوازینے
ڈھاڈر ءِ جنپا پہ سرءَ زیرے
سر برے اِستیناں جنے تکہت ءَ
ترا یار میرھانی بیل نہ بنت جنگی

یعنی چاکر

یعنی تم پھر کبھی فخر سے اپنا سر نہیں ہلا سکو گے اب اگر تم سات سمندر اور ستر پہاڑوں کے پار بھی گذر جاؤ ڈھاڈر کی پہاڑوں کو سر پر اٹھالو بادلوں کے اوپر اپنا تخت بچھا دو تب بھی میر ہانی جیسا لڑاکا ساتھی تمہیں واپس نہیں مل سکے گا ۔

بلوچی رزمیہ شاعری میں چاکر رند میر گوہرام لاشاری اور دوسرے رزمیہ شاعروں کے علاوہ میر بالاچ کا بڑا حصہ ہے ۔ بالاچ بن گرگیج کی رزمیہ شاعری بلوچی ادب میں ایک اہم مقام رکھتی ہے ۔

جب بالاچ کا پیارا بھائی (دودا) ایک بیوہ عورت (ستی) کی حمایت کی وجہ سے مارا گیا ۔ دودا کی قتل کے بعد دودا کی بیوی اور گھوڑوں کی حالات کو دیکھ کر بالاچ کے دل میں جذبات کا جو طوفان اُٹھتا ہے اس کا اظہار اُس نے جس خوبصورتی اور آتش فشانی سے کیا ہے وہ بالاچ جیسے ایک قادر الکلام شاعر کا ہی حصہ ہے کہتا ہے :۔

دودا تئی کوری کشگ
ایر مالگ ودستی شگ
من ءَ منڈءَ پراموش نبیت
دردے من بالاچ ءِ دل ءَ
چرّاں وکایاں چہ درا
بچّاں ءَ گنداں بے پت
واب گپتگنت روچ ءِ سرءَ
بردس بالاچ ءِ دل ءَ
جوانیں جن ءَ موتھاڑو ءَ
ھلّ بیت ڈیلش مُنگی
ھل بیت وموی ءِ رچیت
من زمگیں پیراھن ءَ
دردے من بالاچ ءِ دل ءَ

یعنی

دودا اندھوں کی تیرا مارا جانا
زمین پر تیرا گرنا اور کف افسوس ملنا
مجھے کبھی فراموش نہیں ہوگا
بالاچ کے دل میں ایک درد اٹھتا ہے
باہر سے گھوم پھر کر جب میں آتا ہوں
تیرے یتیم بیٹوں کو دیکھتا ہوں
جو دھوپ میں پڑے سوتے ہیں
بالاچ کے دل میں ایک درد اُٹھتا ہے
جب تیرے گھوڑوں کو دیکھتا ہوں
کہ دھوپ میں بھوکے بندھے رہتے ہیں
بالاچ کے دل میں درد اُٹھتا ہے
جب میں تیری اچھی بیوی کو غمگین دیکھتا ہوں
اور یہ دیکھتا ہوں اسکی قامت زیبا

موم کی طرح پگھل کر

اس کی نرم قمیض پر گرتی رہتی ہے

بالاچ کے دل میں درد اٹھتا ہے

بلوچ شاعر اپنی اپنی رزمیہ نظموں میں واقع کی تفصیل بیان کرنے میں مہارت رکھتے ہیں واقع کی ابتداء سے انتہا تک اس خوبی سے بالتفصیل بیان کرجاتے ہیں کہ سامعین کے سامنے فلم کی طرح لڑائی کا سماں بندھ جاتا ہے مثال کے طور پر میر ممل کی یہ نظم بلاجھجک پیش کی جاسکتی ہے دوست کا پیغام پا کر میر ممل پر جو کیفیت گزرتی ہے۔ اور جس طرح وہ دوست کی ملاقات کیلئے بیتاب ہو جاتا ہے۔ اس کی کوئی کرٹی شاعر کی نظر سے پوشیدہ نہیں رہتی۔ کہتا ہے۔

دوست کا پیغام سن کر

میں ایک مدہوش کی طرح اچھل پڑا

میں نے کمر کس کر

اپنی ہندی تلوار اس میں اٹکادی

پھر میں نے غلام سے کہا

میرے رات کی طرح کالے گھوڑا پر

زین کس کر لاؤ

لمبی چھلانگیں لگانے والے میرے مشکی گھوڑے پر

منل ساخت کی زین ڈال کر

آرام دہ زین پر میں بیٹھ گیا

سمندری ہوا کے نرم جھونکوں نے مجھے مسحور کردیا

مشکی کی باگیں ہلاکر

میں نے اسے تیز خرامی پر ابھارا

نیلے سمندر کے کنارے کنارے

خاموش فضا کو چیرتے ہوئے ہم جارہے تھے

رات کا پہلا پہر تھا

چاند جب طلوع ہوا تو

میرا قلم گوش گھوڑا شاہراہ پر چل پڑا تھا

بلوچی رزمیہ شاعری جیسا کہ ہم پہلے ذکر کرچکے ہیں زیادہ تر قبائلی جھڑپوں سے متعلق۔ بعض لوگ ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے مرنے کو بہادری اور ایک شریفانہ فعل سمجھتے تھے۔ اس لئے ایک بلوچی شاعر کہتا ہے:۔

حیرانی ٹسُن وراں تنت
سیت گوں تنکلیں جنگاں تمنت

یعنی

وہ قبیلے امن سے رہنا چاہتے ہیں
تباہ وبرباد ہوجاتے ہیں
فائدہ توصرف اچھی لڑائیوں سے حاصل ہوتا ہے

بلوچ شعرا نے جنگ سے متعلق بارہا خیال آرائی کی ہے اگر ایک شاعر نے جنگ کو جوانمردوں کا مشغلہ قرار دیا ہے تو دوسرے نے اسے کالی رات اور تباہی وبربادی کا پیش خیمہ ٹھہرایا ہے اس سلسلے میں بلوچی کے نامور شاعر گاہی گور گیج کی رائے بھی قابلِ غور ہے اپنی ایک رزمیہ نظم میں اس نے میدان جنگ میں مرد ونامرد یعنی بہادروں اور بزدلوں کی تعریف کی ہے یہ نظم بلوچی رزمیہ شاعری میں ہر لحاظ ایک بلند مقام رکھتی ہے شاعر کہتا ہے :

راج ءِ خان روچنت جنگ سیائیں شپ ٹنت
جنگ ہر مرد ومرکباں جوانیں روچ ٹنت
گہوریں ہندی بنگویں ہوتاں چرنت
دو ددیں کوٹانی سواداں زیل کنت

یعنی

خان رعایا کے لئے روز روشن کی طرح ہیں اور لڑائیاں کالی راتوں جیسی ہیں
لڑائیاں جوانمردوں اور گھوڑوں کے لئے اچھے دن نہیں ہوتے۔
اس دن جواہر دار ہندی تلواریں بہادروں کو چیرتی ہیں۔
اور آباد قلعوں کو اجاڑ کر بے لطف کردیتی ہیں۔

بہادروں اور بزرگوں سے متعلق گاہی گور گیج کہتے ہیں کہ بزدل لڑائی سے پہلے بڑی بڑی ڈینگیں مارتے ہیں لیکن جس وقت لڑائی کا بازار گرم ہوجاتا ہے تو وہ پہلو بچاکر نکل جاتے ہیں لیکن بہادر ہنسی خوشی میدان جنگ میں کود پڑتے ہیں اور اپنے ننگ وناموس کی حفاظت کے لئے تلوار چلاتے ہیں۔ کہتا ہے

چندھا ورنا پہ دپ ءِ گوزان ءَ جنت
جنگ ہمو نجا بیت پدا پنہاد ءَ گرنت
بنگویں ہوتانی رگام ءِ ہمراہ نہ بنت
اِچ پدا گرد ءِ نشتگ وہموداں ورنت

گوں دوئیں دستاں پہ سروزاناں جنت
جنگانی دھک ءِ ہر چہار کنڈاں ءِ ترانت

یعنی

کئی نوجوان اپنے منہ سے تو بڑی ڈینگیں مارتے ہیں
لیکن جب گھمسان کا دن پڑتا ہے
تو پہلو تہی کر لیتے ہیں اور
بہادر نوجوانوں کا لڑائی میں ساتھ نہیں دیتے ہیں
بعد میں ان کے سوگ میں بیٹھتے ہیں
اور دونوں ہاتھوں سے اپنے سر اور ران پیٹتے ہیں
اور افسوس کرتے ہیں
لیکن اس وقت جب کہ میدان کارزار گرم تھا
وہ لڑائی کی دہشت سے بدک کر
چاروں طرف بھاگ پھرتے تھے

میرا بلوچی رزمیہ شاعری پر مضمون ختم ہوا لیکن بلوچوں کی رزمیہ شاعری ختم نہیں ہوئی وہ بدستور پھلتی پھولتی اور آب و تاب سے آگے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ البتہ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ بلوچی رزمیہ شاعری بھی وقت کے ساتھ بدلتی اور مزید پختگی اور جانداری حاصل کرتی جائے گی۔

نور بلوچ
ڈیمانسٹیٹر کیمسٹری

فیل ہونے کے فوائد

یہ ایک مشاہدہ ہے کہ ہر سال کامیاب طلبا کی تعریف کے پل باندھے جاتے ہیں دور دراز سے مبارک ہو کے پیغام موصول ہوتے ہیں۔

اخبار اور جرائد اول آنے والے طلبا اور طالبات کے نام اور مختصر سوانح حیات جلی سرخیوں کے ساتھ دیتے ہیں۔ دستیاب ہو جائے تو فوٹو بھی صفحہ اوّل پر شائع ہوتا ہے۔ مگر جو طالبات و طلباء بدقسمتی سے فیل ہو جاتے ہیں۔ انکی دل جوئی کے لئے لوگ قلم اٹھانا ہی گناہ سمجھتے ہیں۔ انکی اور انکے والدین اور عزیز و اقارب کی تسلی کے لئے انکی زبان گنگ ہو جاتی ہے۔ آج میں ان ہی طلباء سے مخاطب ہوں جو دوشیزہ ناکامی سے ہمکنار ہیں۔ اور فیل ہونے کے جو گوناگوں فوائد انہیں حاصل ہیں منظر عام پر لاتا ہوں۔

کامیابی کا زینہ ناکامی کی بہت سی سیڑھیوں سے بنا ہوا ہے۔ ناکامی دراصل کامیابی کی شاہراہ ہے۔ مگر مقام تاسف ہے کہ معدودے چند طلباء ہی اس ضرب المثل کو سمجھتے اور اس سے مستفید ہوتے ہیں۔ فیل شدہ طلباء کو "کام چور"، "خفتہ بخت" "بدنصیب" اور ایسی طرح کے دوسرے زبردست اور زور آور القاب سے نوازا جاتا ہے شاید وہ نہیں جانتے ہیں کہ ؎

گرتے ہیں شہسوار ہی میدانِ جنگ میں
وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بَل چلے

آئیے اب ہم اس مسئلے کے تاریک پہلو پر نگاہ رکھنے کی بجائے اس کے روشن پہلو کو پرکھیں۔ فیل ہونے سے یا کسی مقصد میں ناکام ہونے سے انسان کے لئے کامیابی کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اگرچہ فیل شدہ طالب علم وقت اور دولت کے بے جا استعمال کا موجب ہوتا ہے۔ تو یہ ایں ہمہ اس کے سامنے کامیابی کے مخفی راز بھی افشاں ہوتے ہیں۔ فیل شدہ طالب علم اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ کالج میں اپنی زندگی اطمینان اور رومانی انداز میں گذار سکے۔ اس کا راستہ صاف اور ہموار ہوتا ہے۔ اس کے برعکس کامیاب

کا راستہ خار دار۔ پر پیچ اور سر دردی کا باعث۔ کیونکہ کامیابی کے لئے سخت محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ چنانچہ تفریح طبع اور میٹھی نیند کی بہترین گھڑیاں محنت کی نذر کرنی پڑتی ہیں۔ اس کی دنیا ایک "محدود دار المطالعہ" ہو کر رہ جاتی ہیں جس سے نہ صرف اس کی نکتہ نگاہ کو ہی خسارہ ہوتا ہے بلکہ جسمانی صحت بھی خراب ہو کر رہ جاتی ہے۔ زیادہ مطالعہ اور کرم کتاب بن کر رہ جانا بھی انسان کو بزدل بنا دیتا ہے۔ اور پھر امتحان بھی تو خالہ جی کا گھر نہیں۔

سرا خون چوستے رہتے ہیں یہی امتحان اکثر
کبھی سہ ماہی ششماہی کبھی نو ماہی سالانہ

ناکامی بھی ایک ایسی البیلی ہے۔ جو صرف چند اور مخصوص طلباء سے ہی مانوس ہوتی ہے۔ تاہم ناعاقبت اندیش لوگ اس کو برا ہی خیال کرتے ہیں۔ یہی ایف ایس سی کی سند اور بی۔ اے کی ڈگری حاصل کر لینے اور پھر ملازمت کی تلاش میں دربدر کی ٹھوکریں کھانے میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی۔ اور پھر موجودہ حالات میں ملازمت ملتی بھی کہاں۔ علاوہ ازیں دفتر میں کولہو کے بیل کی طرح صبح سے شام تک ایک ہی طرح کا کام کرنا پاس شدہ طالب علم کے لئے وبال جان اور قید با مشقت سے کم نہیں۔ جس نے اپنی اٹھتی جوانی کے چند سال کالج کی کھلی آزاد اور پرسکون فضا میں گزارے ہوں۔ کالج کے سنہری زمانہ اسکی دلچسپ اور روح پر کیفیات کا موازنہ دفتر کی ندرانہ دماغ سنوری اور روح فرسائی سے کریں۔ تو حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے۔ کہاں معمولی سی علالت پر ایک ہفتہ کی چھٹی کا مل جانا اور کہاں ذرا سی غلطی پر ایک ہفتہ کی تنخواہ ضبط ہو جانا نیز محض سحر طراز اور جادو بیاں پروفیسروں کی باتیں سننا ہی کتنا حسین ہے۔

ناکامی سے گھبرانے والوں کو شاید علم نہیں کہ ناکامی ہمیں زندگی کے زریں اصول اور گر بتاتی ہے۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد انسان زندگی کے لامحدود راستہ پر گامزن ہوتا ہے۔ قدم قدم پر ناکامیاں اور نامرادیاں درپیش ہوتی ہیں۔ رنج والم گھیر لیتے ہیں۔ حوصلہ مندی گردش ایام کی نذر ہو جاتی ہے۔ مشکلات و مصائب کا طوفان بے تمیزی امڈ آتا ہے۔ ایسے حالات میں ناکامیوں سے کھیلنے والا انسان یہ کہتا ہے۔ ؎

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

فیل شدہ طلباء کا اثر و رسوخ پاس شدہ طلباء کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اس میدان کے پرانے

کھلاڑی ہوتے ہیں۔ یہ اصحاب کالج کے مایہ ناز شخصیتیں خیال کیئے جاتے ہیں۔ اس لیئے گیم کا کیپٹن، یونین کا وائس پریذیڈنٹ اور اسی طرح کے دوسرے عہدوں پر فائز ہونے کے اور مواقع انہی لوگوں کو میسر آتے ہیں۔ کسی وزیر یا اعلیٰ افسر کی آمد یا تقریبات کے ناظم بھی لوگ ہوتے ہیں۔ اس لئے ڈرامہ کے ایکٹر وغیرہ بھی انہی لوگوں میں سے لئے جاتے ہیں۔ جرمانہ کی معافی اور وظیفہ کے اجرا کے وقت انکی سفارش کارثابت ہوتی ہے۔

مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ کہ مندرجہ بالا فوائد اب ہر کسی کو میسر نہیں آتے جسکی وجہ سے طلباء کا ضرورت سے زیادہ فیل ہونا ہے۔ گویا اب اس میدان میں بھی بے روزگاری کا دور دورہ ہے۔ اور ہے بھی درست۔ کیوں نہ ہو ایک انار صد ہا بیمار پیدا ہو رہے ہیں۔ جوں جوں فیل ہونے والوں میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ توں توں فیل شدگان کی ہر دلعزیزی، شہرت اور مانگ میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ ایک مقام ایسا آجائے گا۔ جہاں یہ فوائد حاصل کرنا از حد مشکل بلکہ ناممکن ہو جائے گا۔ کیونکہ اِلّا ماشاءاللہ کی قوم کامرانی سے ناکامی کی طرف تیزی سے ترقی کر رہی ہے۔ خدشہ ہے۔ کہ کہیں اس میدان میں بھی دوشیزہ ناکامی کے حصول کے لئے فیل شدگان میں "رشوت" شروع نہ ہو جائے۔ ظاہر ہے کہ اس کے بعد فیل ہو جانا انتہائی نقصان دہ ہوگا اور چار و ناچار ان طلباء کو پاس ہی ہونا پڑے گا۔

طنز و مزاح

نور بلوچ
ڈیمانسٹیٹر کیمسٹری

کیمسٹ کا محبّت نامہ

ڈیر جب تم مسکراتی ہو۔ تو مجھے یہ محسوس ہوتا ہے۔ کہ جیسے دو ٹیسٹ ٹیوب آپس میں ٹکرا گئی ہوں۔ تمہارے یہ سپیرائیکل (SPHERICAL) گال پیرابولا (PARABLLA) ہونٹ اور یہ خوبصورت حسن کو دیکھکر میرا دل مرکری (MURCARY) کی طرح تڑپنے لگتا ہے۔ اُف وہ تمہارا میری طرف فوکس کرکے مسکرانا۔ قسم ہے نیوٹن کی مجھے یوں لگا جیسے میرا دل فاسفورس کا ایک ٹکڑا ہے جو ۳۵ درجے پر جل رہا ہے۔ تمہارے بغیر میری زندگی ہائیڈروجن سے بھی ہلکی ہے۔ مجھے تمہاری محبت نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کی طرح بے رنگ بے بو بے ذائقہ بنا دیا ہے۔

میں تمہاری جدائی میں گندھک کی طرح زرد ہوگیا ہوں۔ آخر میں کب تک دھواں دینے والے سپرٹ لیمپ کی طرح جلتا رہوں گا۔ تمہیں کیا معلوم کہ تمہارا قُرب کیلشیم سے زیادہ اثر رکھتا ہے۔ تمہاری سانس میرے لئے آکسیجن سے زیادہ افادیت رکھتی ہے۔ جب میں نے تمہیں مورب عدسہ میں ۹۰ درجے زاویہ پر دیکھا تو تم اور حسین پنکش (PINKISH) کلر کے نظر آنے لگے۔ کاش کوئی لٹمس پیپر ہو۔ جس میں میرے دل کا رنگ نظر آئے۔

پلیز خدا کے لئے اب میرے پیار کو پیار سمجھو۔ اور اور ہیرنٹل پلین (ORIZENTAL PLANE) پر (LAW OF MOTION) کو سامنے رکھکر پوری ولاسٹی (VELOCITY) کے ساتھ میری طرف روانہ ہو جاؤ تاکہ میرے دل کو زنگ نہ لگ جائے

تمہیں بھی معلوم ہے کہ میرا صبر کا پیمانہ ۱۰۰ تک پہنچ چکا ہے۔ اور اگر میرے پاس آنے سے مجبور ہو۔ تو سن لو۔ میں تمہارے نام کا ایک پیالہ جو کہ کنسنٹریٹڈ سلفیورک ایسڈ (CONCERNTRATED HSO) کا شربت کی طرح پی جاؤں گا۔ اور اپنی ہڈیاں (BONES) گلا ڈالوں گا پھر کیا ہوگا۔ میرے لاش کو بولان میڈیکل ردم میں پریکٹس کے لئے رکھا جائے گا۔ تاکہ کوئی محبت کرنے والا اپنا انجام دیکھے۔

نور محمد لپنوی
کلاس سیکنڈ ایئر
گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

سائنس کے کرشمے

سائنس کے لغوی معنی صرف باقاعدہ علم و حکمت ہے۔ لیکن اصطلاح میں اس سے مراد موجودات عالم کی علمی تحقیقات اور اس پر تفصیلی بحث ہے۔ سائنس ایسا مطالعہ قدرت ہے جس سے قدرت کی نیرنگیوں اور گوناگوں تبدیلیوں کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

سائنس نے ہماری ضروریات کی بہت سی آسائش مہیا کی ہیں۔ مثلاً بجلی۔ ہوائی جہاز۔ موٹر کاریں اور بہت سی دیگر مشینیں جو کہ روزمرہ زندگی میں استعمال ہوتی ہیں۔ سائنس کی مدد سے انسان نے چاند تک کو تسخیر کر لیا ہے۔ انسان نے اسی سائنس کی بدولت بہت سے مشاہدات و تجربات اور ایجادات کی ہیں۔ اگر ہم قدیم انسان کو دیکھیں تو وہ پیدل، اونٹوں، گدھوں پر سفر کرتا تھا۔ جب وہ پرندوں کو اڑتے دیکھتا تو اس کے دل میں بھی اڑنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے کہ کاش انسان بھی پرندوں کی طرح آسمان کی بلندیوں میں پرواز کر سکے۔ آخر کار اسی خواہش کے تحت انسان نے ہوائی جہاز ایجاد کیا۔ قدیم انسان کو چند میلوں کا فاصلہ مہینوں میں طے کرنا پڑتا تھا۔ لیکن جدید سائنسی دور میں انسان منٹوں اور گھنٹوں میں ہوائی جہاز اور موٹر کاروں کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ سائنس نے فاصلوں کی وسعت کو سمیٹ کر رکھ دیا ہے۔ یہ سب ترقی سائنس ہی کی بدولت ممکن ہوئی۔

علم سائنس کی بدولت آج ہمارے پاس ریڈیو۔ ٹیلی ویژن۔ ٹیلی فون اور ٹیلی گراف ہیں۔ جنہوں نے خبر رسانی کے کاموں کو آسان بنا دیا ہے۔ ادھر بات کی اُدھر میلوں سمندر پار اپنے احباب اور دوستوں سے گفتگو ہو جاتی ہے۔ ہمارے پیغامات دم بھر میں اڑتے ہوئے اصل مقام پر پہنچ جاتے ہیں۔ قدیم زمانے میں اگر کسی ملک میں سیلاب آجاتا یا وبا پھیلتی تھی تو مہینوں بعد دوسرے ممالک کو خبر ہوتی تھی۔ آج اگر دنیا کے کسی گوشہ میں کوئی حادثہ ہو تو پل بھر میں اس حادثے کی خبر مل جاتی ہے۔ ہمارے ریڈیو اور ٹیلی ویژن اس حادثے کی جزئیات تک ہمیں خبریں بہم پہنچاتے ہیں۔ یہ سب ترقی

سائنس کی ہی وجہ سے ممکن ہوئی ہے ۔

پہلے دنیا کے گرد سفر کرنا ایک کارنامہ تھا۔ اب معمول بن چکا ہے۔ آواز سے بھی زیادہ تیز رفتار طیارے ایجاد ہو چکے ہیں اور اب ایٹمی توانائی سے چلنے والے طیارے پر تحقیق ہو رہی ہے۔ اس تیز رفتاری نے بنی نوع انسان کو ایک برادری میں تبدیل کر دیا ہے۔ وقت کا تصور بدل چکا ہے۔ اب انسان موسمی کیفیات پر بھی قابو پا چکا ہے۔ سلگتی ہوئی دوپہر میں آپ ایئرکنڈیشنڈ کمرے میں بیٹھ کر موسم سرما کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔ اور سردیوں میں بٹن دباتے ہی کمرے کا موسم آپ کی پسند کے مطابق ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ریفریجریٹر میں آپ کھانے پینے کی چیزوں کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

سائنس نے طباعت کی سہولت بہم پہنچا کر علم کی تحصیل کو بھی بہت ہی آسان کر دیا ہے۔ سینکڑوں چھاپہ خانے دن رات کتابوں کی طباعت کرتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ سائنس نے علم طب میں بہت زیادہ ترقی کر لی ہے۔ آج کوئی ایسا مرض نہیں جس کا علاج معلوم نہ ہو۔ طب کے ذریعے آج انسانی دل کو بھی تبدیل کیا جا چکا ہے اور ناکارہ اعضاء کو تبدیل کرنا تو بہت ہی آسان ہو گیا ہے۔ آج سائنس کی بدولت روزانہ ہزاروں انسانوں کو موت کے منہ سے بچایا جاتا ہے۔

الغرض سائنس نے انسان کو ایسی ایسی آسائشیں اور سہولتیں بہم پہنچائی ہیں۔ جن کے بارے میں وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔

محمد اسحاق
لیکچرار (اردو)
گورنمنٹ ڈگری کالج - تربت

بلوچ قوم کا رہن سہن

انسان کے طریقہ زندگی میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اس کے رہنے سہنے میں بھی تبدیلیاں ہوئی ہیں۔ آج سے ہزاروں سال پہلے انسان غاروں میں رہتا تھا۔ اپنے گھر اور اپنے رہن سہن کا کوئی فکر نہ تھا۔ جہاں دیکھا وہیں آرام کیا اور وہی جگہ ان کی مسکن بن جاتی تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک حضرت انسان کرۂ ارض پر اپنا مکان بناتا آرہا ہے۔ یہ کرۂ ارض ایسا گھر ہے جو کہ بحر و بر پر پھیلا ہوا ہے۔ رہنے کے لئے مکان انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ انسان پورا دن کام کاج کرنے کے بعد اپنے مکان میں آکر آرام و سکون محسوس کرتا ہے۔ بغیر مکان کے انسان کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ گرمی اور تپشِ سورج سے بچنے کے لئے انسان اپنے مکان میں داخل ہو کر سکون محسوس کرتا ہے۔

صوبہ بلوچستان جس میں اکثریت بلوچ قوم کی ہے۔ بلوچ قوم اپنے رہنے سہنے کے لئے اوائل دور سے لے کر اب تک بہت سی تبدیلیاں لا چکا ہے۔ بالائی بلوچستان جس میں کوہلو۔ میوند، بارکھان۔ سوئی گیس اور ڈیرہ بگٹی کے علاقے شامل ہیں۔ اس علاقے میں مری اور بگٹی قوم رہائش پذیر ہیں۔ یہ قبیلے ہمیشہ ایک جگہ سے منتقل مکان کر کے دوسری جگہ پر آباد ہو جاتے ہیں۔ جہاں زندگی بسر کرتے ہیں وہاں پر جھگیاں تیار کرتے ہیں۔ اپنے رہنے سہنے کے لئے علیحدہ جھگی اور مویشی ڈھور ڈنگر کے لئے علیحدہ جھگیاں بناتے ہیں۔ یہ جھگیاں لکڑی اور چٹائی سے بنائی جاتی ہیں پندرہ بیس کے قریب جھگیاں مل کر ایک بستی بناتے ہیں اور بلوچی میں اسکو "حلق" ہیں۔ مری اور بگٹی اپنے ان جھگیوں سے ملحق ایک مہمان خانہ بناتے ہیں جسے "ادناک" کہتے ہیں۔

بلوچستان کے میدانی علاقوں میں بلوچ قوم اپنے رہنے سہنے کے لئے گھر بناتے ہیں۔ میدانی علاقوں کے اکثر بلوچ اپنے مکانات کچی یا پکی اینٹوں سے تیار کرتے ہیں اور اپنی بلوچ بستی کے ارگرد ایک فصیل یا قلعہ بناتے ہیں آج بھی یہ فصیلیں بلوچ قوم کی عظمت کی یادگار ہیں۔

زیریں بلوچستان جسے مکران ڈویژن کہتے ہیں۔ مکران ڈویژن میں پنجگور۔ تربت۔ مند۔ تمپ۔ گوادر اور پسنی کے علاقے شامل ہیں یہ پورا علاقہ بھی بلوچوں کی آماجگاہ ہے۔ ان بلوچوں کے گھر بنانے کے مختلف انداز ہیں۔ ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

۱ — لُوگ	لوگ اینٹ یا مٹی سے نہیں بلکہ کھجور کے درخت کے مختلف حصوں "گُنٹ گرز" اور "پیش" سے بنایا جاتا ہے. لوگ کی بنیاد تقریباً چھ فٹ مستطیل نما اور اوراس کے بعد سے چھت کا حصہ خیمہ (TENT) جیسا ہوتا ہے.
۲ — گرز دپی	پہاڑی گنّے کی خشک لٹوں، پیش اور گرز سے بنایا جاتا ہے۔ اوراس میں ایک طاق والا دروازہ استعمال کیا جاتا ہے.
۳ — کُل	لوگ سے ملتی جلتی ایک امیرانہ رہائش گاہ جس کے مستطیل نما بنیاد چھ فٹ تک کچی مٹی یا اینٹوں کی مدد سے بنائی جاتی ہے۔ اور بقیہ حصہ چٹائی، گرز کنٹ وغیرہ سے مکمل کی جاتی ہے.
۴ — ہر کُشپت	آمین کے دوران فصل وغیرہ کی نگہداشت کے سلسلے میں ایک امیرانہ عارضی رہائش گاہ جو نخلستان میں بناتی جاتی ہے.
۵ — گِدان	یہ خانہ بدوش بلوچوں کی رہائش گاہیں ہیں. گدان کمان نما لکڑی پر بکری کے بالوں سے بُنی ہوئی چادر سے بنائی جاتی ہے.
۶ — ٹپوُ	چٹائی کی بنی ہوئی ایک غریبانہ رہائش گاہ جس کی بنیاد مستطیل نما کی بجائے دائرہ نما ہوتی ہے.
۷ — کاپر	ایک چار پایہ سائبان جو کنٹ گرز وغیرہ سے بنائی جاتی ہے اور گھروں کے سامنے بطور چھپر استعمال کی جاتی ہے.
۸ دودپ	دودپ چٹائی سے بنائی جاتی ہے. ساخت کے اعتبار سے یہ "لوگ" یا "کُل" کے اوپر والے حصہ سے ملتی جلتی ہے. گرمی میں اس کے سایہ میں گھر کے افراد آرام کرتے ہیں.

منشیات اور ہمارا معاشرہ

محمد اطہر شاہد
بی - ایس - سی
(میڈیکل) گورنمنٹ ڈگری کالج - تربت

منشیات سے اس دور میں کون واقف نہیں ۔ آپ جب بھی منشیات کا نام لیں گے تو ایک ان پڑھ شخص بھی آپ کو بتا دے گا کہ منشیات کیا ہے ؟ اور ان کا استعمال کیسے اور کتنی مقدار میں کی جاتی ہے ؟ منشیات کا نام سنتے ہی ہمارے ذہن میں فوراً ہیروئن کا نام آتا ہے ۔ جو ہمارے ملک میں عام دستیاب ہے ۔ اور سب منشیات میں سے زیادہ نشہ آور ہے ۔ ہیروئن کے علاوہ ہمارے ملک میں بہت سی نشہ آور چیزیں ہیں ۔ مثلاً بھنگ ۔ چرس اور افیون وغیرہ وغیرہ ۔ عام طور پر غریب لوگوں کو منشیات کی لت پڑی ہوئی ہے ۔ اور وہ بھنگ ۔ چرس اور افیون کا کھلے عام نشہ کرتے ہیں ۔ بعض ایسے لوگ جو بے خوابی کا شکار رہتے ہیں تو وہ زیادہ تر ڈیزا فام ۔ ایٹی وِن اور ویلیئم کی گولیاں استعمال کرتے ہیں ۔ جو کہ نشہ کے زمرے میں آتے ہیں ۔

آخر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ لوگ منشیات کا استعمال کیوں کرتے ہیں ؟ میرے خیال میں ان کی وجوہات درج ذیل ہیں :۔

۱۔۔۔ غریب آدمی جس کو اپنا پیٹ پالنے کے لئے مناسب روزگار فراہم نہیں ہوتا ۔ وہ اس بات سے دل برداشتہ ہو کر اپنے غموں اور تکالیف کو نشے کے ذریعے ختم کرنا چاہتا ہے ۔ یہ غریب آدمی نشے کی وجہ سے ایک خیالی اور تصوراتی زندگی میں پہنچ جاتا ہے ۔ جہاں اسے وقتی طور دنیوی پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے ۔

۲۔۔۔ اگر وہ لوگ جن کے پاس زیادہ پیسہ اور فراغت ہے ۔ وہ بھی کسی نہ کسی نشہ آور چیز کے استعمال کے عادی ہوتے ہیں ۔ کیونکہ انکو روزگار اور دوسرے غموں سے فرصت ہوتی ہے ۔ وہ اپنی فرصت اور امارت کو غلط سوچ کی طرف لے جاتے ہیں اور منشیات کا استعمال شروع کر دیتے ہیں ۔

میرے خیال میں منشیات کا نقصان سب سے زیادہ طلباء کو پہنچ رہا ہے ۔ بدقسمتی سے کچھ ضمیر فروش افراد نے اپنے مفاد کے لئے طالبعلموں میں ہیروئن کے استعمال کا رجحان پیدا کیا ہے ۔

اثرات : ہمارے معاشرے میں منشیات کی وجہ سے بہت سے مُضر اثرات پیدا ہو رہے ہیں ۔ جو کہ اس طرح ہیں :۔

۱۔۔۔ سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ منشیات سے انسان کی صحت تباہ ہو جاتی ہے ۔


۲۔۔۔ منشیات کا عادی شخص ذہنی طور پر ناکارہ ہو جاتا ہے ۔

۳۔۔۔ روپے پیسے کا ضیاع ہوتا ہے ۔

۴۔۔۔ منشیات کے استعمال سے معاشرے میں مختلف جرائم پیدا ہوتے ہیں ۔

۵۔۔۔ حادثات میں اضافہ ہوتا ہے ۔

ہمیں اپنے معاشرہ کو منشیات سے پاک کرنا چاہیئے ۔ اور منشیات کے خلاف باقاعدہ مہم چلانی چاہیئے ۔



ہدیہ تبریک

مجلہ "بیچ گورنمنٹ ڈگری کالج تربت"

کو پیش کرتے ہیں

العمار - آرکیٹکٹ، انجینئرز اور پلانرز

۱۰۶ الہیٰ سنٹر بمقابل ریگل سینما صدر کراچی - فون نمبر ۷۲۵۵۵۳

قدیم اشاعتی ادارہ

* ناظرین کرام ! مکتبہ اسحاقیہ جونا مارکیٹ کراچی کا ایک قدیم دینی علمی اور اشاعتی ادارہ ہے جو تقریباً تیس سال سے آپ کی گوناگوں دینی، مذہبی، علمی اور تبلیغی خدمات میں مصروف ہے۔
* اس نے دینی، مذہبی، اصلاحی، علمی، درسی و غیر درسی کتب کی صرف فراہمی ہی کی خدمات انجام نہیں دیں بلکہ وقت کی اہم ضرورت کے مطابق بہت سی اہم اور ضروری کتب کو شائع کر کے بھی آپ کی علمی تشنگی کا مداوا کیا ہے۔
* یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی عنایت اور توفیق کے بعد آپ جیسے قدر داں ! حضرات کی حوصلہ افزائی کے سبب ہی ہو سکا ہے جس کے لئے ہم اللہ تعالیٰ کی بے پایاں عنایات پر سجدہ گزار ہیں۔ وہیں آپ کی توجہ فرمائی اور تعاون پر بصمیم قلب ممنون ہیں۔
* آپ کی خدمت میں علمی دینی اصلاحی اور تبلیغی کتب کی بسہولت فراہمی کے لئے مکتبہ نے اپنی ایک شاخ کتابوں کی مرکزی مارکیٹ یعنی اردو بازار میں بھی یکم جنوری ۱۹۸۴ء سے قائم کی ہے۔
* ہمیں توقع ہے کہ آپ کا بھرپور تعاون حسب سابق حاصل رہے گا۔
* جو حضرات خود تشریف نہ لا سکتے ہوں وہ ہمیں خط تحریر فرمائیں تو ہم بذریعہ وی پی ان کی فرمائش کی تکمیل بھی خاطر خواہ طور پر انجام دیتے ہیں۔
* ہمارے ہاں ہر قسم کی کتب عربی، فارسی، اردو، انگریزی، سندھی، پشتو، بلوچی کا ذخیرہ موجود رہتا ہے۔
* مختلف اداروں کے قرآن پاک، پارے، حدیث، تفسیر، فقہ اور مختلف علوم وفنون کی کتب کا ذخیرہ بھی ہر وقت دستیاب ہے۔

مکتبہ اسحاقیہ جونا مارکیٹ * اردو بازار کراچی

فون : ۲۳۰۲۰۰

رِدءُ بند (بھر بلوچی)

کتابءِ نام ———— کیچ (سالتاک)
زبان ———— بلوچی
دلگوش ———— پروفیسر غلام مصطفیٰ
چھاپ کنوک ———— میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج تربت
سال ———— ۱۹۸۵ء
تاک ———— ۳۸
مُدیر ———— علی بخش دشتی
طالب علم مدیر ———— عطاء اللہ قحطانی

زیرِ انتظام

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت مکران

نبشتانکانی ردءُ بند

علی بخش دشتی

شونکاری

کجام علمی بُن جاھے وتی توکا اِے کاربیدا داریت کہ آ علم ءِ دیگ ءُ آئی ءِ شنگ ءُ تالان کنگ ءِ یک نشانی بہی۔ پرچاکہ علمی بُن جاہانی شرّیں وبُن رِدی کاروکوشست ھمیش اِنت کہ علم گیش چہ گیش تالان بہ بیت پہ ے خاطرا علمی بُن جاہ کلاس روم ءِ علمی تالان ءَ ابید دگہ لکچر ءُ کتاب و رسالہ چھاپ کنگ ءِ انتظام ءُ بندوبست کننت ۔ اِے رِداگورنمنٹ ڈگری کالج تربت ءَ اِے سال ءَ وتی مجلّہ "کیچ" چھاپ جنگ ءُ شنگ ءِ دست ءَ اِنت۔ آ ھندگ ءِ علمی نشر واشاعت ءِ خاطرءَ مجلّہ کیچ سوسائٹی جوڑ کنگ بوتگ۔ انشاء اللہ اِے سال ءِ ورڈءَ ھر سال ءَ مجلّہ کیچ چھاپ ءُ شنگ کنگ بیت۔

مجلّہ کیچ ءِ بلوچی بھر شاعری، افسانہ، تاریخ ءُ ثقافت، ھندی قصہ ءُ داستان ءُ تنقیدی مصامین ءَ ھور ھواریں گلدستہ ئے جوڑ اِنت۔

گورنمنٹ ڈگری کالج اے شرپ ءَ داری کہ ایشی وانوک وانینوکانی تہا جوانیں قلمکار ءُ وش گوشتیں شاعر اَستنت۔ عطاء اللہ بلوچ خطانی باقرعلی شاکر، دروش میر، عبدالصبور ءُ واجہ پروفیسر غنی پرواز کالج ءِ آ مزن نامیں قلمکار اَنت کہ آوانی مضامین و اشعار اخبار و رسالہ آنی تہا چھاپ ءُ شنگ بوتگ اَنت

مئے لوگیں وانندہ نسل وتی چاگرد ءِ بارو فکری لحاظ ءَ سک حسّاس ءُ عملی رِدا مزن کوشست ءُ واھگ داریت ہمیشا مئے ورنا شہ وتی چاگردی بارو ءَ معلوم دار اَنت۔ اِے جر آوانی نبشتہ کتگیں خیالاں چہ ظاھر اَنت۔ مضمون "زندگی نام اِنت کوشست ءِ"، "کلمانٹ" ءُ واجہ غنی پرواز ءِ "چیش ءِ ڈرچک" ءِ تہا بیان بوتگیں خیال ظاھر کننت کہ مئے قلمکار چاگردی نابرابری، زند ءِ بے کوشستی ءُ جہالت ءِ بارو ھنچوش سرپد اَنت کہ ایدگہ دنیا ءِ قلمکار ءُ شاعر۔ اے مضمونانی خیالی شرّی ءَ ابید ایشانی فنی خوبی ہم بازجوان اَنت۔ اگاں مئے وانندہ ورنا اِے علمی کوشست ءَ جاری بدار اَنت تو دیم ترا مزن نامیں ادیب، شاعر ءُ دگہ علم زانت جوڑ بنت۔ علمی پڑ ءَ مکران ءَ اِے شرف حاصل اِنت کہ چہ ایشی سرزمین ءَ گل محمد ناطق، ملّا فاضل، ملّا اسماعیل پچل آبادی، سید ھاشمی، کریم دشتی، بشیر بیدار، بشیر احمد بلوچ، میر عیسیٰ قومی، میر عنایت اللہ قومی، غلام فاروق، غنی پرواز ءُ دگہ بازیں دینی عالم ءُ قلمکار پیداک بوتنت۔ اِے اللہ ءِ مزنیں رحمت اِنت کہ مکران ءِ خطہ بلوچستان ءِ ایدگہ خطہ آں شہ علمی پڑا دیما تر اَنت۔

مئے کوشست اِنت کہ کالج ءِ میگزین ھر وھد ءَ گوں علمی مضامین ءَ در بئیت۔ گوں اللہ تعالیٰ ءَ دعا اِنت کہ مئے علم ءَ زیات بکنت و مارا پائندگ داریں علم بدنت۔

کیچ

مشتاق احمد بلوچ

کیچ ءِ نام وتی پُشت ءَ یک تاریخی هندے دار ایت ۔ اے مکران ءِ کُوهن تریں شهراں چہ یکے ایت ۔ اودمرچاں اے جاه ءَ دوار تربت ءِ نام ءَ زانگ بیت ۔ ابید چہ ایشی اے جاه مکرانے ڈویژن ءِ صدر مقام یا ہنجاه هم است اِنت ۔ ۱۹۸۱ سال ءِ مردم هسابی ءِ رِدءَ ایشی جهمنندانی هساب پنجاه و پنچ هزار ءَ چہ زیات اِنت ۔ کیچ ءِ کوچگ ءِ تها بوگ ءِ سبب ءَ اِے هند کیچ گُشگ بوت او همے کیچ اے دمگ ءِ کُوهنیں نام اِنت هم ۔ اِے کوچگ بنامی مکران ءِ کوهانی رِدءَ تیاب دپی مکران ءَ کوهانی رد ءِ بنامجی ءَ کساس یک صد ءُ بیست و پنچ میل ڈراج ءُ بیست میل پراهی ءَ یک سبز تگیں هندے ءُ مکران ءِ نامی ئیں هارکنوکیں کَور بزاں "کیچ کَور" همے کوچگ ءِ تها گوزیت ۔ اِے هند ءِ کلّیں میتگ ءُ هلک کیچ کَور ءِ دوئیں نیمگاں اَنت کہ اوداں مچکدگ هم هست اَنت ۔ نامی ئیں یونانی باج بر سکندراعظم هندوستان ءِ سرا اورش کنگ ءَ رندگوں وتی مزنیں لشکر ءِ چہ همے دمگ ءَ وار تریت ۔

کیچ ءِ لبز بُن اصل ءَ لبز کوچ ءِ بدل بوتگیں شکل ءُ دروشم اِنت ۔ چیا کہ کُوهنیں تاریخ ءِ تها بلوچ ءِ همراهی ءَ کوچ ءِ لبز هم بازکا زمرز بوتگ ۔ یا کہ اِے ڈول کہ وت بلوچ ءَ را کوچ ءِ نام ءَ هم گیر آرگ بوتگ ۔ کہ آ را بازیں راجاں وتی کُوهنیں دپترانی تها وتی وڈا نبشتہ کتگ یا گُشتگ ۔ چوکہ لبز "بلوچ" وت گُشتن ءُ نبشتہ ءِ بازیں بدلیاں رَندوت اِے دروشم ءَ پما تچتگ ایشی کوشانی دروشم "بعلوث" یا "بیلوث" اَت ۔ آشوری ، بابلی یا کلدانی همے لبز ءَ را بیلوس یا بعلوس نبشتہ کنت ءُ گشنت ۔ میانی کرناں عرباں ایشی ءَ رابلوص گُشتگ ۔ وهدیکہ ایران ءِ نندوکاں بلوچ ءِ نام گپتگ ۔ پهک همے ڈول ءَ عرب تاریخ زانتاں "کوش یا کوچ" ءَ را کوفش یا کفش نبشتگ ۔ نوں چوکہ کُوهنیں تاریخ اِے ڈسیت کہ ۶۰۸ ق ۔ م ءُ پد ءَ ۶۱۲ ق ۔ م ءَ کلدانی او بابلی مردماں فارس ءِ گورتچانی پرگنہ (صوبہ) ءِ نیمگا لڈ ءُ بار کتگ ءُ کوش (KUSHITE) یا کوچ ءِ یک ٹولی ءُ بهرے ءَ فارس ءِ زرِ ءِ راه ءَ بلوچستان ءِ تیاب دپی دمگاں نجتگنت ءُ

اے کلّیں دمگ چہ آیانی نامءَ ایر کنگ بوتنت۔ پے
ھاترءَ اے کلّیں تاریخی ئیں کارپداں دیمءَ ایر کنگءَ
رند زیات ھمے ھیال کنگ بیت کہ "کیچ" ءِ لبز
چہ ھماکیچ یا کوچ ءِ بدل بوتگیں شکلے کہ آرا نزیکیں گوستگیں
وھداں لھتیں ایرانی تاریخ زاناں ءُ تاریخ نویساں
کیچ ءِ بدلتگیں شکل پیش دارگ ءِ ناتوانیں مجھد کتگ
وھدیکہ اے وڑا لبز کوش ءِ "بلکوش" یا "بلکوچ" ءِ
لبز بلکوش ءِ بدل بوگ زبان زاناں گشتگ ءِ یدبوت
کنت تہ زبان زانتی ءِ کتہ کار ءُ زانشکارانی اے ھیال
کہ "و" ءُ "ی" ءِ نزیکیں گشگ ءِ تہرءِ
سببءَ بدل بوتن ءِ بوت کنت ءُ آ اے درگتءَ
بازیں درھر دیمءَ کارنت ءُ وت متے وتی زندءَ
انچیں لبز ھم دیمءَ آتگنت چوکہ بلوچ ءُ بروچ، بلیری ءُ
بردی یا موٹل ءُ موتر۔۔۔۔ نیٹ اے ڈولیں بے ھساب
لبز ھست اَنت ۔ ھمے ھاترءَ "کوچ" ءِ گشگ ءِ دروشم ءِ
بدلی ءُ کیچ بوگ انچو تچک اَنت چوکہ لبز بلکوش ءِ ما
آریائی زبانانی تہا بدل بوگ ءُ بلکوچ، کوچ یا بلوچ بوگ
تچک انت چوکہ پہ گشگ عرب "کیچ" ءَ را "کیز"
ءُ "پنجگور" ءَ را "کنز بور" یا "فنز بور" گشنت یا نبشتہ
کننت ۔ چوکہ مستونگ ءِ شہرءِ نام آیانی گورءَ
"مش تنک" ءُ پدا مش تنک ءَ چہ مستنج ءُ
پدا مستونگ جوڑ بوتگ یا گلنگو (نوشکی ءِ
نزیکءَ جاگھے) گلانی کورءَ چہ گلنگور جوڑ بوتگ ۔
ھمے ڈولءَ کیچ یا کوچ ءَ چہ کیچ وِدی بوتگ۔ بلے
کوھنیں دپترانی تہا کیچ ءِ بابت ءَ گپ ءُ تران ھارا

حضرت عمرؓ ءِ بارگءَ کیزءِ نام ءِ سرا رسیت
وھدیکہ ابوموسیٰ اشعری عراق ءُ بصرہ ءِ گورنر بوت
ءُ سنہ ۲۲ ھ آئی کیچ ءُ مکران ءِ سرا بھیڑ آرت ءُ ھمے
ڈولءَ ھما دورءَ اے دمگ ءِ تہا اسلام وِدی بوت
ءُ اے دمگ اسلامی سلطنت ءِ تہا ھوار بوت اَنت
حضرت امیر معاویہؓ ءِ وھدءَ اے دمگ بزاں کیچ ءُ
مکران ءِ یک جتائیں گورنرے است اَت۔ وھدیکہ
چہ عرباں پیش اے ھند ءُ دمگ ایران ءِ یک
بھرے اَت اوداں مرچی ءَ کیچ ءِ تہا لھتیں کہن درآمدانی
نام ءِ سرا اَت چوکہ خسروی، کاؤسی، بھمن ءُ دگہ
بازیں ایران ءِ مردمانی سرءَ پجارگ یا گیرآرگ بنت
نیٹ کیچ کلّیں مکران ءِ ھوری ءَ کدی اسلامی سلطنت ءِ
بھرے اَت تہ کدی ایرانی شاھانی دست ءِ چیرءَ آتک
بلے اے کلّیں ھبراں ابید بلوچانی نام ءُ تواراں اے
دمگ ءَ چہ حضرت عیسیٰؑ ءَ ھم ساری دست کپیت ۔
ماں سندھءَ راھے گٹم ءُ چہ آئی ءَ رند راجہ چچ ءِ
وھداں ھم بلاھیں مدتےءَ کیچ مزنیں سندھی
سلطنت ءِ یک پرگنہ ءِ جہتءَ پہ ھوار بوتگ
او مگنرءِ ھمے سبب اَت کہ قدرت ءِ سندھ ءُ کیچ ءِ
رایک دستونکے ءِ مہرگانی دولءَ کمات۔ بزاں سندھی
لبزانک ءِ نمیرانیں عشقی داستانگ "سسّی پنّوں" ءِ
ھیرو پنّوں ءِ جنّ بیھ ءِ ھند کیچ اَت ءُ آ ھوتانی
گٹم ءِ یک بھرے اَت کہ آ سسّی ءِ تانجوئیں بیکانی
مزنیں ساھگ ءِ سارتی ءِ بندیگ بوت کہ رندترا
چہ ھمیشیءَ اے نمیرانیں عشقی داستانگ بوت ۔

کیچ ءِ گوهنی ءِ کساس ءَ درگیجگ ءَ چہ گوهنیں باندم ءُ کلاتاں مزنیں دزلمکی ئے رسیت کہ آئی گش ءُ گوزرا است اَنت۔ شاهی تمپ، چاهسر ءُ جمیری ءِ دمگاں اے گوهنیں اوبادانگت است ءُ نامہ ور اَنت۔ ایشانی تها بازینانی کونڈگ ءُ درگیجگ ءِ کار انگریزانی وهداں بوتگ بلے نوں اے جُست وتی سراچست کنت کہ اے شهر ءِ نام چہ کیچ ءَ تربت چوں ہی ءَ بوت۔ ءُ اے شهر ءِ سیم سرانی تها بدلی چونی ءَ آتک۔ اے بابت ءَ اگں چے کتاب بے تواراَنت بلے اے بدلی پرنگانی وهد ءَ چے آتک۔

وهدیکہ پرنگاں وتی کارائی گش دیءِ هاتراچہ هند ءِ بازیں دمگاں فارسی زانتیں منشی ءُ کارندہ اے دمگ ءَ آرت۔ آ وهداں روءُ آءِ، ءُ گیرءُ دار ءِ وسیلہ انّومیں وهد ءِ دیم پہ دیمی ءَ بازکم اتنت پمے هاترءَ اے گلّیں هاجتانی سرجم ءُ پیلہ کننگ ءِ هاترءَ اشترءُ اسپ مستریں دزلمک اتنت۔ ءُ پدءَ اے دمگ یک گورءَ گپتگیں ءُ دوریں دمگے اَت ءُ اِداں رسگ ءِ هاترءَ آیان ءَ روچ نا بلکن ماهانی هساب دارگ کپت۔

پمے هاترءَ اے وڑیں فارسی زانتیں مردماں اے دوری ءِ هساب ءَ اے جاہ ءِ راقبر ءِ نام دئیگ بنا کُت۔ فارسی ءِ تها قبر تربت ءِ مانا ءَ دنت ءُ همے ڈول ءَ کیچ ءِ نام قبرزاں تربت جوڑ بوت۔ وهدیکہ پاکستان جوڑ بوت، تربت ءِ هاکم ءِ مُهر ءِ سرءَ "کیچ ءِ هاکم" نبشتہ اَت تاکہ "تربت ءِ هاکم"۔

ڈگری کالج تربت ءِ وانوک ءُ وانینوکاں وهدے کہ اے کالج ءِ سالی تاک ءِ درکننگ ءِ کار دست ءَ زُرت تہ کالج ءِ همے مردماں اے دمگ ءِ عهدی نام رانہ شمشت ءُ گوستگیں یاتانی گیرآرگ ءَ وتی تاک نام "کیچ" درچت۔ داںکہ همے بن هیالاں ءَ گوں انوگیں پدریج وتی گوستگیں سراں گیر بیاریت ءُ وتی دمگ ءَ مہ پرامیت۔ وتی گوستگیں سرانی پیشداشتگیں راہ گراں ءَ بروت ءُ ڈیہ ءُ راج ءِ دیمروی ءِ هاترءَ وتی ذمّہ داریاں بہ مارنت ءُ ذمہ واریاں پیلہ ءُ سرجم بکنت

علی بخش دشتی

اسلام ءِ تہذیب

